| | |
|---|---|
| ✿ ابن بشار کے اعتراضات | 107 |
| ✿ زیدیہ فرقہ کا رد | 111 |
| ✿ عترت میں سے امام غائب.......... | 113 |
| ✿ غیبت حضرت ادریس علیہ السلام | 117 |
| ✿ ظہور حضرت نوح علیہ السلام | 129 |
| ✿ ظہور حضرت صالح علیہ السلام | 133 |
| ✿ غیبت حضرت ابراہیم علیہ السلام | 136 |
| ✿ غیبت حضرت یوسف علیہ السلام | 141 |
| ✿ غیبت حضرت موسیٰ علیہ السلام | 144 |
| ✿ غیبت حضرت مہدی کا غیبت خضر سے استدلال | 148 |
| ✿ غیبت حضرت مہدی کا غیبت ذوالقرنین سے استدلال | 150 |
| ✿ غیبت مہدی کے بارے میں رسول معظم کے فرمودات | 153 |
| ✿ غیبت مہدی کے بارے میں امیر المومنین علی علیہ السلام کے فرمودات | 156 |
| ✿ صحیفہ فاطمہؑ | 160 |
| ✿ لوح فاطمہؑ میں ذکر مہدیؑ | 162 |
| ✿ غیبت مہدیؑ کے بارے میں امام حسنؑ کے فرمودات | 166 |
| ✿ غیبت مہدیؑ کے بارے میں امام حسینؑ کے فرمودات | 171 |
| ✿ غیبت مہدیؑ کے بارے میں امام زین العابدینؑ کے فرمودات | 173 |
| ✿ غیبت مہدیؑ کے بارے میں امام محمد باقرؑ کے فرمودات | 175 |
| ✿ غیبت مہدیؑ کے بارے میں امام جعفر صادقؑ کے فرمودات | 179 |

# نخلِ دعا

رخِ نازنیں جلوہ گر کیجیے — طلوع اپنا نورِ سحر کیجیے
حجابات سب برطرف کیجیے — عیاں خود کو المستتر کیجیے
قیامت میں تاخیر بھی ہے قیامت — کہ غیبت کو اب مختصر کیجیے
نہیں کام کوئی ہمیں آپ سے — یہی کام مولا مگر کیجیے
ہمارے سبھی کام بن جائیں گے — بس ہم پہ کرم کی نظر کیجیے
نکل کر بتعجیل سرمن سے مولا — بہ سوئے حرم اب سفر کیجیے
ذرا آدمیت نہیں رہ گئی — بلند پھر سے قدِ بشر کیجیے
مقدر ہوئی کب سے محکومیت — مری قوم کو مقتدر کیجیے
مسلسل دعاؤں میں مصروف ہوں — صریرِ قلم پر اثر کیجیے
نوازا ہے خود آپ ہی نے ہنر سے — قبول اب کے عرضِ ہنر کیجیے

عریضوں کی شب قوم معروض ہے
کہ نخلِ دعا بارور کیجیے

مظہر عباس

# عرض ناشر

آج کے اس تیز رفتار دور میں جدید انسان کے پاس قدیم و طویل کتب پڑھنے کا وقت نہیں، غم روزگار اور غم زمانہ نے اسے دیوانہ بنا رکھا ہے ۔ وہ فرزانہ ہے تو صرف اس قدر کہ اپنے کام سے کام رکھے اور اختصار و انتخاب کے راستوں پر گامزن ہو کر منزل مقصود تک پہنچے۔ طویل و ضخیم کتب کی اہمیت اپنی جگہ مسلمہ ہے مگر یہ علمی ذخائر اور مآخذ محض حوالہ جاتی اور تحقیقاتی مقاصد کے لئے رہ گئے ہیں ۔ ہم نے بحمد للہ نبض زمانہ پر ہاتھ رکھنے کی کوشش کی ہے ۔ اور بطفیل پنجتنؑ جہاں کئی کئی جلدوں پر مشتمل کتب کی اشاعت کا فریضہ نبھایا ہے، وہاں قدیم کتب کی تجدید و تلخیص اور انتخاب کو بھی پیش نظر رکھا ہے ۔ زیر نظر کتاب بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔

دورِ حاضر دورِ انتظار ہے۔ اس عہد غیبت میں امام زمانہؑ پر جس قدر لٹریچر شائع کیا جائے کم ہے ۔ ہم نے عہد کر رکھا ہے کہ امام عصرؑ پر تحریری کام کو ہر دوسرے تحریری کام پر ترجیح دیں گے اور اس کی اشاعت بھی ترجیحی بنیادوں پر کریں گے ۔ یقیناً یہی ہمارا مقصد حیات ہے اور یہی وسیلہ نجات ہے ۔ کیونکہ جب تک زمانے کے امامؑ کی معرفت نہ ہوگی خدا و رسولؐ تک پہنچنا اور کامل تعلیمات اسلامی پر عمل پیرا ہونا ناممکنات میں سے ہے "کمال الدین و تمام النعمہ" شیخ صدوق علیہ الرحمہ کی وہ کتاب مستطاب ہے جو امام زمانہؑ کے حکم سے تالیف کی گئی ۔

چنانچہ اس تالیف لطیف کو گھر گھر تک پہنچانا اپنا فرض جانا اور اس کارخیر کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ایک عاشق امام ادیب دانشمند پروفیسر چودھری مظہر عباس بھنڈر صاحب کی خدمات حاصل کی ہیں تاکہ اس تاریخی شہ پارے کو مختصر مہ پارے کا روپ دیں اور ایسا لاجواب انتخاب کریں جو موجودہ نسلوں کے لئے ہدایت کا باب ثابت ہو سکے۔ ان کی علمی و ادبی اور تحقیقی و تنقیدی صلاحیتوں کے سبب ہم کلیتاً مطمئن ہیں اور آپ کا اطمینان بھی کتاب ہذا کو پڑھنے کے بعد ان شاء اللہ یقینی ہے۔

موصوف نے رواں دواں اردو ترجمہ پیش کیا ہے اور ہر قسم کے سقم کی حتی الوسع اصلاح کی ہے۔ عربی عبارات پر اعراب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ کتاب "کمال الدین وتمام النعمہ" کی دو جلدوں سے انتخاب ہی نہیں کچھ تفصیلی مفاہیم کی تلخیص بھی پیش کی گئی جو کہ انتہائی ذمہ داری کا کام ہے۔ نیز فلسفۂ غیبت پر ایک جدید مقالہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

فلسفۂ غیبت کا سمجھنا معرفت امام زمانہؑ کا پہلا زینہ ہے۔ ہم اس نردبان ہدایت کے پہلے زینے سے آخری زینے تک پہنچنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد ہم ان شاء اللہ فلسفۂ رجعت اور فلسفہ انتظار پر کتب مرتب کریں گے۔ میں ان کی توفیقات میں اضافے اور صحت وسلامتی کے لیے دست بہ دعا ہوں۔ مزید دعا ہے کہ معرفت امام کا یہ سفر تا حیات جاری و ساری رہے اور ہم سب محبان امامؑ انقلاب امام کے لئے وقف ہو سکیں۔ آخر میں میں الکساءؑ پبلشرز کراچی کا بھی ممنون ہوں جن کی مطبوعات سے ہم نے رہنمائی لی اور انہی کے پیش کردہ مشن کو آگے بڑھایا۔

علامہ ریاض حسین جعفری

سرپرست ادارہ منہاج الصالحین لاہور

# حرفِ انتخاب

کتابُ اللہ کے بعد کتبِ احادیث معصومینؑ کو بلند مقام حاصل ہے "کمال الدین و تمام النعمہ" جناب شیخ صدوق ؒ کی وہ عالی قدر تالیف ہے جو قرآن مجید و حدیث و تاریخ، فلسفہ و منطق اور علم کلام کے امتزاج سے امام زمانہؑ کے حکم سے حیطہء تحریر میں لائی گئی۔ اس کا ضوع غیبتِ امامِ عصرؑ ہے۔ امام عصرؑ کا حکم کتاب ہذا کی اہمیت و افادیت پر دال ہے۔ حکم امامؑ سے لکھی جانے والی کتاب کی ترویج و اشاعت بھی یقیناً ہر مسلمان پر لازم اور فرض ہے۔

بمطابق حکم رسولؐ جس نے اپنے زمانے کے امامؑ کو نہ پہچانا اور مرگیا وہ جاہلیت کی موت مرا۔ لہٰذا اس کتاب سے نہ صرف خود بلکہ دوسروں کو بھی جہالت کی موت مرنے سے بچایا جاسکتا ہے۔ اسے غیبت کے ابتدائی دور میں شیخ صدوق نے اپنے محتاط قلم سے تحریر کیا۔ اس لئے دیگر کتب سے زیادہ مورد اعتماد اور ثقہ ہے۔ ویسے بھی جس کتاب کی تکمیل کا حکم خود امام زمانہؑ دیں، اس کی نگرانی بھی یقیناً وہ خود فرمائیں گے۔ شاید اسی اعجاز و کرامت کے سبب یہ کتاب اپنے عناوین اور ابواب کے لحاظ سے نہایت منفرد و ممتاز، کامل اور مفید ہے۔ انداز بیان بھی نہایت پر کشش اور جاذب توجہ ہے اس میں امام زمانہؑ کی شخصیت وجود اور غیبت کے بارے

میں قرآن و حدیث اور اقوال معصومینؑ سے ثبوت فراہم کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں مخالفین، منکرین اور منافقین کے مناظرے بھی شامل ہیں جن میں ان کے شک و شبہات کا واضح دلائل سے ابطال کیا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ غیبت کے موضوع پر اس سے زیادہ ضخیم اور مستند کتاب آج تک نہیں لکھی گئی۔ یقیناً اس کا مطالعہ امام عصرؑ کے بارے میں عوام الناس کی معلومات میں اضافہ کا باعث اور معرفت امام کا بہترین ذریعہ ہے۔

ظہور امام مہدیؑ پر جمیع مسلمان میں متفق ہیں۔ لیکن کچھ ناعاقبت اندیش اور شر پسند کچھ عرصے سے یہ نوائے باطل بلند کرنے لگے ہیں کہ اب کوئی ہادی اور امام نہیں آئے گا۔ حالانکہ قرآن وحدیث کی نص کے مطابق باری تعالیٰ نے کوئی زمانہ بھی اپنی حجت سے محروم نہیں رکھا۔ ان لوگوں نے ہمارے عقیدۂ انتظار کا غلط مطلب لیا ہے اور اسے جمود وسکوت کے مترادف گردانا ہے۔ حالانکہ انتظار امامؑ کا مطلب ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظر فردا رہنا ہرگز نہیں، بلکہ انقلاب امامؑ کے لئے سطح ہموار کرنا اور ماحول کو سازگار بنانا ہے۔ گویا انتظار امامؑ کا اصل تقاضا تربیتِ ذات اور تربیت قوم ہے۔ کوئی بھی ہادی بیک جنبش نظر کسی قوم کے حالات اور نظام کائنات کو نہیں بدل دیتا بلکہ اس کے لئے افرادی قوت، تنظیم، تحریک، ترغیب اور تبلیغ کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہی سنت الٰہی ہے۔ امام زمانہؑ بھی ایسی ہی مختصر مگر مخلص ترین افرادی قوت کے منتظر ہیں۔ یہ افرادی قوت اہل سیف ہی نہیں اہل علم وعمل پر مشتمل ہونا بھی ضروری ہے۔ حکم قرآنی کے مطابق ہر بڑے گروہ سے ایک چھوٹے گروہ کا تفہیم دین کے لئے نکلنا لازمی ہے۔ اطاعت الٰہیؑ، اطاعت رسولؐ اور اطاعت اولوا الامرؑ کا حکم بھی اہل ایمان کو دعوت فکر دے رہا ہے۔ آئمہ اثنا عشرؑ ہمارے لئے اولی الامر ہیں اور آج کے دور میں خصوصاً صاحب الزمانؑ صاحب الامر ہیں۔

امام زمانہؑ کی غیبت صغریٰ میں ستر بہتر سال (۲۵۶ھ تا ۳۲۸ھ) آپ کے

**نوابین اربعہ** کے توسط سے، آپ کے احکامات کی پیروی ہوتی رہی اور آپ کے مشن **اور انقلاب** کے لئے جانی مالی قربانیاں اور ہمدردیاں آپ تک پہنچتی رہیں۔ اسی توسط سے لوگ اپنے مسائل کا حل اور سوالات کے جوابات حاصل کرتے تھے۔ ۳۲۸ ہجری کو سلسلہء نائبین موقوف ہوا اور مومنین کو ہدایت کردی گئی کہ وہ اپنے مسائل کے حل اور رہنمائی کے لئے ایسے متدین اور دیندار علماء حضرات سے رجوع کریں جو ہماری احادیث بیان کرتے ہوں۔ بدقسمتی سے مسلمانوں نے تفہیم دین کے لئے احادیث معصومینؑ کو وسیلہ اور ذریعہ بنانے کے بجائے اپنی ناقص رائے اور قیاس کو بروئے کار لانا شروع کردیا اور موجودہ تنزل اور پستی کی گہرائیوں میں آگرے۔ صد شکر کہ ہم آج بھی بے وسیلہ، بے امام اور لاوارث نہیں کہ اس طرح کے ناقص اور غیر معیاری حربے اپنائیں جن کے استعمال سے ہمارے آئمہ معصومینؑ نے سختی سے منع فرمایا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آئمہ معصومینؑ کی تعلیمات سے کما حقہ' استفادہ کیا جائے۔ اور باعمل علماء جو ہم پر حجت ہیں، کے توسط سے ان کے نقش قدم پر چلنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔

آخر میں یہی مشورہ ہے کہ ہم صاحب الزمانؑ اور کنا' کہنے والوں کو اپنے آپ کو بھی اس قابل بنانا چاہیے کہ ان کی نظر کرم اور چشم التفات ہم پر پڑ سکے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہماری بدعملی کے سبب وہ ہم سے منہ پھیر لیں اور نصرت کے بجائے ہم سے نفرت کرنے لگیں۔ اس تقرب کے حصول کے لئے ''فلسفہء غیبت مہدیؑ'' پیش خدمت ہے۔ اس کی ترتیب میں معاونت پر میں محترمہ سیدہ صدف نقوی کا ممنون ہوں۔ جبکہ ''اظہار حقیقت'' پر عزیزی سیدہ انعم زہرا رضوی میرے خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں جبکہ آیات قرآنی پر اعراب لگانے اور پروف ریڈنگ میں مولانا جان محمد

# مختصر احوال مولف

شیخ صدوق علیہ الرحمہ کا اصل نام محمد بن علی بن الحسن بن موسیٰ بن بابویہ ہے۔آپ چوتھی صدی ہجری میں مذہب امامیہ کے اعلام میں سے تھے۔پوری امت مسلمہ آپ کی پیشوائی اور مقامِ بلند کی قائل ہے۔آپ امام زمانہؑ کی دعا سے پیدا ہوئے اور امامؑ کی طرف سے آپ کے بارے میں یہ تحریر جاری ہوئی "وہ بہت ہی نیک اور بابرکت فقیہ ہیں" آپ نہ صرف فقہ کے علمبردار تھے بلکہ صاحب روایت محدث و راوی اور علم کلام کے بھی ماہر تھے۔

آپ نے احادیث کے حصول کے لئے استر آباد،نیشاپور،مروروز،سمرقند، فرغانہ، بلخ، ہمدان، بغداد، فیداور مکہ و مدینہ کے طویل سفر کئے۔ان اسفار کی صعوبتوں کو جھیلتے ہوئے اور برکتوں کو سمیٹتے ہوئے آپ نے اپنی ذہانت و ذکاوت، کثرت علم اور مضبوط یاداشت کے بل بوتے پر وہ کچھ حاصل کیا جو اپنے علاقے کے علماء سے میسر نہ تھا۔آپ نے بہت سے علماء سے مناظرے بھی کئے اور مذہب حقہ کی ترویج کی۔

آپ قم المقدسہ ایران میں پیدا ہوئے۔ وہیں نشوونما پائی اور اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔حصول علم کے بعد آپ نے "رے" شہر کے لوگوں کی

التماس پر وہاں کا رخ کیا اور وہیں سکونت اختیار کی۔ بعدازاں امام رضا علیہ السلام کے روضہ اطہر کی زیارت کی اور واپس "رے" تشریف لے آئے۔ راستے میں آپ نیشاپور بھی ٹھہرے۔ وہاں کے علماء نے آپ سے خوب کسب فیض کیا۔ نیشاپور کے عوام جوق درجوق آپ کے درس سننے آتے تھے۔ آپ نے امام زمانہؑ کے بارے میں اکثر لوگوں کے شکوک وشبہات کو دور کیا۔ آپ مرورود اور بغداد بھی گئے، وہاں کے لوگوں نے بھی آپ سے کسب فیض کیا۔

بیت الحرام کی زیارت کے بعد واپسی کے سفر میں آپ شہر فید میں پہنچے تو بہتی نے آپ کواحادیث سنائیں۔ پھر آپ کوفہ پہنچے تو وہاں کے مشائخ سے احادیث سنیں۔ اس کے بعد آپ ہمدان میں داخل ہوئے اور وہاں کے علمائے احادیث سنیں۔ پھر بلخ کارخ کیا تو وہاں کے علماء سے احادیث سماعت کیں۔ ایلاق میں ابن نعمہ آپ سے ملاقات کے لئے آئے اور درخواست کی کہ فقہ حلال وحرام اور شرائع واحکام کے بارے میں ایک کتاب تصنیف کریں۔ آپ نے ان کی درخواست کو قبول کیا اور "مَنْ لا یَحْضُرُهُ الْفَقِیه" نامی کتاب تصنیف کی۔ اس کے بعد آپ سمرقند میں پہنچے تو مختلف علماء سے احادیث حاصل کیں۔ پھر فرغانہ کے سفر میں کئی محدثین سے حدیثیں سماعت کیں۔ آپ نے یہ سب سفر کتاب خدا سے تمسک، خاندان رسالت سے رابطہ، خدمت و دفاع دین اور معارف و مذہب کی ترویج کے لئے کئے۔

تاریخ میں آپ کا تذکرہ ایک روشن باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس میں آپ کی تالیفات کے آثار جگمگ کررہے ہیں۔ احادیث اور روایات میں آپ شیخ المشائخ ہیں اور فتاویٰ میں وسیع مرجعیت کے مالک۔ آپ عالم اسلام کے گوشہ

وکنار سے موصول ہونے والے سوالات کے جوابات دیتے تھے۔

نجاشی اپنی کتاب رجال میں رقم طراز ہیں کہ ان کی ایک کتاب قزوین سے آئے ہوئے سوالات کے جوابات ،مصر سے آئے سوالات کے جوابات، بصرہ سے آئے ہوئے سوالات کے جوابات اور مدائن سے آئے ہوئے سوالات کے جوابات کے عناوین پر مبنی ہے۔ ایک کتاب "نیشاپور کا سوال" ہے اور ایک کتاب بطور خط ابو محمد فارسی کے نام بھیجی۔ایک دوسرا خط بغداد کی طرف بھیجا، یہ ماہ رمضان کے بارے میں بھیجے گئے خط کا جواب ہے۔ مزید ایک خط اہل رے کو غیبت امامؑ کے بارے میں بھیجا گیا۔ اسی طرح مذہب حقہ کی حمایت میں کئے گئے۔آپ کے مناظرے بھی محفوظ ہیں۔ رکن الدولہ دیلمی جیسے بادشاہ نے آپ کے پاس اپنا نمائندہ بھیجا اور التماس کیا کہ آپ تشریف لائیں۔جب آپ اس کے دربار میں پہنچے تو بادشاہ نے خود آپ کا استقبال کیا، اپنے پاس بٹھایا اور تعظیم وتکریم سے پیش آیا۔آپ نے ان کے تمام سوالات کے تسلی بخش جواب دیئے اور روشن دلائل کے ذریعے مذہب حقہ کی حقانیت کو ظاہر کیا۔مخالفین کے لئے آپ کے دلائل کو تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی چارہ کار نہ رہا۔ نجاشی نے رکن الدولہ کے دربار میں آپ کے مناظروں کا ذکر پہلی محفل مناظرہ کا تذکرہ، دوسری محفل مناظرہ کا تذکرہ ،تیسری محفل مناظرہ کا تذکرہ ، چوتھی محفل مناظرہ کا تذکرہ اور پانچویں محفل مناظرہ کا تذکرہ کے ناموں سے کیا گیا۔

امام زمانہؑ کا معاملہ آپ کے نائبین کے بعد ایک سر گوشی کی سی صورت اختیار کر گیا۔شیعوں میں بھی آپ کا تذکرہ اصل نام ،صفت یا لقب وغیرہ کے حوالے سے نہیں کیا جاتا تھا۔ اپنے اجتماعات میں وہ آپ کو کبھی غریم،کبھی رجل اور کبھی قائم بتاتے تھے اور آپس میں رمز کے طور پر (م،ح،م،د) سے تعبیر کرتے تھے ۔یوں امام

کا معاملہ ان دنوں نہایت خفیہ تھا۔ادھر اسماعیلیہ ،واقفیہ اور کیسانیہ سر نکال رہے تھے۔وہ امام صادقؑ کے بعد کے آئمہ کو نہیں مانتے تھے۔یہ روز بہ روز شدت پکڑ رہے تھے اور امام غائبؑ کے بارے میں لوگ حیرت ،سرگردانی اور تزلزل کا شکار تھے۔شیخ صدوق نے اس عظیم خطرے کو محسوس کیا اور اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے تا کہ شیعوں کو اس وبائی شریعتی نابودی اور حتمی ہلاکت سے محفوظ رکھا جا سکے۔اگر آپ اس سلسلے میں کوششیں، بحثیں اور مناظرے نہ کرتے تو مذہب امامیہ کی زنجیر ٹوٹ جاتی اور نعوذ باللہ امام قائم پر اعتقاد زائل ہو جاتا۔

## تالیفات

شیخ طوسیؒ کے مطابق جناب صدوق علیہ الرحمہ کی کتب کی تعداد تین سو ہے۔ ان میں سے اکثر ضائع ہوگئیں ۔صرف ان کے نام باقی رہ گئے ۔یہ کتابیں صدیوں تک باقی رہیں لیکن پھر ایسے گم ہوئیں کہ آسمان پر اٹھالی گئی ہوں ۔اس عظیم سرمائے میں سے جو کتب محفوظ ہیں ان کی تعداد بیس سے زیادہ نہیں ۔اور یہ اغلاط،نقائص اور تحریفات کی بھینٹ چڑھ گئیں اور اس طرح اشاعت پذیر ہوئیں کہ ان سے نہ علم راضی ہے نہ اہل علم ۔کیوں کہ یہ غیر تجربہ کار اور کم علم لوگوں کے ذریعے شائع ہوئیں۔یہ مصیبت صرف شیخ صدوق کی تصنیفات پر ہی نہیں آئی بلکہ ابن قولویہ وغیرہ کی تالیفات میں سے تو کامل الزیارات کے علاوہ کچھ بچا ہی نہیں۔ اس طرح شیخ مفید کی دوسو کتب میں سے چند ایک کا وجود باقی رہا ۔اور یہی کچھ شیخ طوسی اور علامہ حلی کی تالیفات کے ساتھ ہوا ۔آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ طریحی کے مطابق علامہ حلی کی پانچ سو تصانیف اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھیں اور یہ ان کتابوں کے علاوہ تھیں جو دوسروں کے ہاتھوں سے تحریر ہوئی ہیں۔ ان میں سے بھی نوے فیصد ضائع

ہو چکی ہیں، جو در اصل مختلف فتنوں ،جنگوں اور آتش زدگیوں سے غارت ہوئیں۔

جہاں تک ان پڑھ اور جاہل لوگوں کے ہاتھوں سے چھپی ہوئی کتابوں کا تذکرہ ہے تو اس ضمن میں حافظ اپنی کتاب حیوان جلد اول صفحہ ۶۴ طبع بیروت میں کہتا ہے ''......اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک موئف ایک غلطی کی اصلاح کرنا یا ایک چھوٹے ہوئے لفظ کو اپنے مقام پر لگانا چاہتا ہے مگر اس کمی اور نقص کو دو کر کے کلام کو متصل اور مربوط بنانے سے دس ورق اس لفظ کی تفسیر وتشریح میں لکھنا اسے زیادہ آسان نظر آتا ہے''۔نیز کہا جاتا ہے:''اگر کسی کتاب کی نقل بنائی جائے اور اصل سے مطابقت نہ کی جائے، پھر دوبارہ اس نقل سے ایک اور نقل بنائی جائے اور اس کی اصل سے مطابقت نہ کی جائے تو وہ کتاب اصل سے بالکل اجنبی لگے گی''۔

شیخ صدوق نے تقریباً ۲۵۰ محدثین سے احادیث نقل فرمائیں اور آپ سے احادیث نقل کرنے والوں کی تعداد بیس تک پہنچتی ہے۔

(مقدمہ من لا یحضرہ الفقیہ کی طرف رجوع کریں۔)

## وفات اور مزار

شیخ ؒ نے ۳۸۱ ھجری قمری کو وفات پائی ۔اس وقت آپ کی عمر ستر سال سے کچھ زیادہ تھی ۔آپ کی قبر شہزادہ عبدالعظیم حسنی کی قبر کے نزدیک رے شہر میں ''طغرلیہ'' نامی باغ کے نزدیک ایک عالی شان روضہ میں موجو ہے۔لوگ آپ کی قبر کی زیارت کو باعث برکت جانتے ہیں ۔آپ کی قبر سے ایک کرامت کے ظاہر ہونے سے فتح علی شاہ قاچار، اس کی ملکہ اور اراکین حکومت بہت متاثر ہوئے اور تقریباً ۱۲۳۸ھ میں اس کے روضہ مبارک کی تعمیر کی گئی ۔یہ کرامت مختلف کتب میں مذکور ہے ۔خوانساری منتخب التواریخ میں فرماتے ہیں:

# امام مہدیؑ کی طولانی غیبت کا فلسفہ

## (مقالہ خصوصی)

سنی شیعہ سبھی مسلمان امام مہدیؑ کی آمد، ظلم وجور کے خاتمہ اور عدل و انصاف کی بالادستی پر ایمان رکھتے ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ سنی حضرات کے مطابق امام مہدیؑ خاندان رسالت میں پیدا ہوں گے جبکہ شیعہ صاحبان کے مطابق آپ امام حسن عسکریؑ کے گھر میں پیدا ہو چکے ہیں اور امر خداوندی سے حضرت عیسٰیؑ کی طرح پردۂ غیبت میں ہیں۔ غیبت صغریٰ کے بعد غیبت کبریٰ کا زمانہ جاری ہے۔ جب خدائے متعال کا حکم ہوگا تو آپ ظہور فرمائیں گے اور کائنات عالم میں اسلامی حکومت کا قیام عمل میں لائیں گے۔

حضرتِ امام مہدیؑ کے بارے میں شیعہ عقیدہ پر آپؑ کی طولانی غیبت کے بارے میں یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ دنیا میں کافی حد تک ظلم وستم اور فساد موجود ہونے کے باوجود حضرت مہدیؑ ظہور کیوں نہیں کرتے؟

اپنے انقلاب کے ذریعے دنیا کو عدل وانصاف کے راستہ پر کیوں نہیں لگاتے؟

آخر ہم کب تک بیٹھے ہوئے خون ریز جنگوں اور خدا سے غافل مٹھی

ظلم وستم اور ناحق امتیازات کا خاتمہ کر دیں گے اور یہ بات اپنی جگہ پر مسلم ہے کہ ایسے منصوبہ کا انعقاد اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک کہ سماج اس کو قبول کرنے کے لئے تیار نہ ہو۔

ثانیاً۔ مذکورہ بالا بنیادی اصول کی روشنی میں ہمارے اس قول کی وضاحت ہوجاتی ہے جس میں ہم ظہور کی تاخیر کا سبب انسانی معاشرہ کی عدم آمادگی کو قرار دے دیتے ہیں۔ کیونکہ اس قسم کے ظہور اور انقلاب کے لئے کم ازکم حسب ذیل آمادگیوں کی ضرورت ہے۔

## (ا) نفسیاتی آمادگی (سچائی تسلیم کرنے کی آمادگی)

ضروری ہے کہ لوگ اس دنیا کی بے سروسامانی کا احساس کرلیں اور ظلم وستم کا مزا خوب اچھی طرح چکھ لیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ دنیا اس بات کو اچھی طرح سے سمجھ لے کہ انسانی ذہن کے بنائے ہوئے قانون دنیا میں عدل وانصاف برقرار رکھنے کی توانائی اور صلاحیت نہیں رکھتے بلکہ ضروری ہے کہ پوری دنیا یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لے کہ مادی اصولوں ،قوانین،موجودہ قوت نافذہ،اور انسانوں کے خودساختہ ضوابط کے زیر سایہ،دنیا کی مشکلیں حل نہیں ہوسکیں گی ۔بلکہ دن بہ دن یہ مشکلیں بڑھتی جائیں گی نیز ان کی گتھیاں سلجھنے کے بجائے اور الجھتی جائیں گی ضروری ہے کہ پوری بشریت کواس بات کا احساس ہوجائے کہ اس دور کی مشکلیں اور بحران ،موجودہ نظاموں کی پیداوار ہیں اور آخرکار یہ نظام ان مشکلوں کو حل کرنے سے عاجز ہوجائیں گے۔

ضروری ہے کہ دنیائے انسانیت یہ سمجھ لے اس عظیم مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کچھ ایسے نئے اصولوں اور نظام کی ضرورت ہے جو انسانی اقدار ،ایمان

# پردۂ غیبت میں امام کے وجود کا فلسفہ

حضرت امام مہدیؑ کے بارے میں شیعوں کے عقائد اوران کی خصوصیات پر جو آخری اعتراض کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ امام ہر حالت میں رہنما اور پیشوا ہے اور رہبر کا وجود صرف اسی صورت میں فائدہ مند ہوسکتا ہے جب اس کا رابطہ اپنے پیروؤں سے برقرار ہو۔ایسی صورت میں نظروں سے غائب امام کی طرف سے قیادت کے فرائض کی انجام دہی کیسے ممکن ہے؟

دوسرے لفظوں میں دوران غیبت امام کی زندگی ایک خصوصی زندگی ہے نہ کہ ایک پیشوا اور قائد کی معاشرتی زندگی۔ ایسی حالت میں ہمیں یہ پوچھنے کا حق حاصل ہے کہ یہ الٰہی ذخیرہ عوام کے لے کیا فائدہ رکھتا ہے اوراس کے وجود سے عوام کس طرح فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟ کیونکہ غیبت میں امام آب حیات کے اس چشمہ کی مانند ہیں جو تاریکی اور ظلمات میں ہو اور وہاں تک پہنچنا کسی کے لئے ممکن نہ ہو۔

اس کے علاوہ کیا امام کے غائب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا وجود ایک غیر مرئی روح یا ناپیدا امواج وغیر میں تبدیل ہوگیا ہے؟ کیا سائنس اس بات کو مان سکتی ہے؟

بے شک یہ سوالات بہت اہم ہیں لیکن یہ سوچنا غلط ہے کہ ان سوالات

کا جواب نہیں ہے۔اس لئے بہتر ہے کہ پہلے اس آخری جملہ کا جواب عرض کر دیا جائے جس کی وجہ سے بعض لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے ہیں کیونکہ اس مسئلہ کو حل کرنے کے بعد ہی دوسرے اعتراضات کی باری آئے گی۔

یہاں پر میں بہت صاف لفظوں میں عرض کروں گا کہ امام کے غائب ہونے کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ امام کا وجود غیبت میں ایک غیر مرئی وجود ہے جو ایک غیبی وجود سے زیادہ کسی خیالی وجود کے مشابہ ہو بلکہ آپ کی زندگی ایسی طبعی اور غیبی زندگی ہے جو خارج میں موجود ہے۔ بس فرق صرف یہ ہے کہ آپ کی عمر طولانی ہے، آپ لوگوں کے درمیان آمدورفت رکھتے ہیں، سماج کے اندر رہتے ہیں اور مختلف علاقوں میں سکونت کرتے ہیں اور اگر آپ کی زندگی میں کوئی استثنا پایا جاتا ہے تو وہ صرف یہ ہے کہ آپؑ طولانی عمر کے مالک ہیں اس کے علاوہ اور کوئی فرق نہیں ہے۔آپ نا آشنا طریقہ سے انسانی معاشرہ میں زندگی بسر کررہے ہیں۔آپ کی غیبت کے بارے میں کسی شخص نے اس کے علاوہ کچھ اور نہیں کہا ہے آپ خود غور کیجئے کہ "نا آشنا اور غیر مرئی" میں کتنا فرق ہے؟

اب جب کہ یہ غلط فہمی برطرف ہو چکی ہے تو آیئے اس موضوع کی طرف چلیں۔یہ ٹھیک ہے، اس طرح کی زندگی ایک معمولی شخص کے لئے قابل توجیہ ہو سکتی ہے لیکن کیا ایک رہبر ......وہ بھی عظیم الٰہی رہبر ......کے لئے اس طرح کی زندگی قابل قبول ہے؟

وہ شاگرد جو اپنے استاد کو نہ پہچان سکے، وہ بیمار جو ڈاکٹر اور اس کے مطلب کو نہ جانتا ہو اور وہ پیاسا جو کنویں سے بے خبر ہو چاہے اس کے قریب ہی کیوں نہ ہو، کیا فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟

یہ کوئی نیا سوال نہیں ہے بلکہ اسلامی روایات سے پتا چلتا ہے کہ حضرت امام مہدیؑ کی ولادت سے پہلے بھی آئمہ اطہارؑ کے زمانے میں یہ سوال عام تھا جب آئمہ معصومینؑ حضرت امام مہدیؑ اور آپ کی طولانی غیبت کا ذکر فرماتے تھے تو لوگ اسی قسم کے سوالات کرتے اور آئمہ اطہارؑ خندہ پیشانی کے ساتھ ان کے سوالات کا جواب دیا کرتے تھے جس کے بعض نمونے درج ذیل ہیں۔

## زمانۂ غیبت میں امامؑ کے وجود کا فائدہ

زمانۂ غیبت میں امام زمانہؑ کے وجود کے فائدے اور فلسفہ کے بارے میں جو کئی احادیث میری نظر سے گزری ہیں ان میں ایک مختصر سی عبارت میں بہت ہی معنیٰ خیز تعبیر پائی جاتی ہے جو اس عظیم راز کو سمجھنے کے لئے کلیدی حیثیت رکھتی ہے اور وہ یہ ہے کہ جب پیغمبر اسلامؐ سے سوال کیا گیا کہ زمانۂ غیبت میں حضرت امام مہدیؑ کے وجود کا کیا فائدہ ہے؟ تو آنحضرتؐ نے فرمایا: "اس ذات کی قسم جس نے مجھے نبوت کے ساتھ مبعوث کیا، لوگ اس کی قیادت اور پیشوائی کے نور سے اسی طرح فائدہ اٹھائیں گے جس طرح وہ بادلوں کی اوٹ میں چھپے ہوئے سورج سے مستفید ہوتے ہیں"۔

اس حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے کلی طور پر سورج کی اہمیت اور جب اس پر بادلوں کی چلمن پڑی ہوئی ہوتی ہے، اس وقت اس کے کردار کو سمجھیں۔

سورج دو طرح سے نور افشانی کرتا ہے۔

(۱) آشکار نور افشانی (۲) مخفی نور افشانی

یا دوسرے لفظوں میں "مستقیم نور افشانی اور غیر مستقیم نور افشانی" آشکار

نورافشانی میں سورج کی شعاعیں اچھی طرح دیکھی جاسکتی ہیں۔ اگرچہ ہوا کی ایک بہت ہی موٹی تہہ کرہ ارض کو لپیٹے ہوئے، ایک موٹے دل کے ایسے ضخیم شیشہ کی مانند کام کرتی ہے، جوسورج کی روشنی کو صاف کرکے اس کی مہلک شعاعوں کوختم کرتا یا بے اثر بناتا ہے۔ لیکن سورج کی مستقیم تابش کی راہ میں حائل نہیں ہوتا۔لیکن غیر مستقیم تابش میں ،بادل اور دودھیا شیشہ کی طرح سورج کے مستقیم نور کو جذب کرکےتقسیم کرتا ہے۔

جب ہم ایسے کمرے میں داخل ہوتے ہیں جو دودھیا بلبوں کے ذریعے روشن کیا گیاہوتو کمرے کوروشن دیکھتے ہیں لیکن اس کی اصلی اور مستقیم شعائیں اورخود بلب کے روشن تارنظرنہیں آتے ..............

دوسرے یہ کہ سورج کی روشنی زندہ موجودات کی دنیا میں بہت اہم کردار کی حامل ہے۔

نباتات ،حیوانات اور انسانوں کی بقاء کے لئے جس انرجی کی ضرورت ہے وہ صرف سورج کی اس روشنی اور گرمی سے حاصل ہوتی ہے جو ہر طرف پھیلی ہوئی ہے ۔زندہ موجودات کی نشوونما،ان کے تغذیہ اور تولید،حس وحرکت وتحریک،بنجر زمینوں کی آبیاری ،سمندروں کی موجوں کی دھاڑ ،حیات آفرین ہواؤں کا چلنا ،زندگی بخش پانی برسنا،آبشاروں کے زمزمے،بلبلوں کے نغمے ، پھولوں کی پرکشش خوبصورتی ،انسانوں کی رگوں میں خون کی گردش ،دلوں کی دھڑکن ذہن کے پردوں کے درمیان افکار کا برق رفتاری کے ساتھ عبور ،شیر خوار بچے کی مانند پھولوں کی پنکھڑیوں کے ہونٹوں پرمیٹھی میٹھی مسکان ۔یہ سب کے سب مستقیم یا غیر مسقیم طریقہ سے سورج کی روشنی کے مرہون منت ہیں۔ اگر سورج کی روشنی نہ ہوتو یہ سب کے سب پژمردہ

ہوجائیں گے اور صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گے اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو بہت تھوڑے غور وفکر سے سمجھ میں آجاتی ہے ۔اب یہ سوال پیش آتا ہے کہ اگر اس کی تابش بغیر کسی واسطہ کے ہورہی ہو؟ ظاہر ہے کہ اس سوال کا جواب نفی ہی میں ہے جب یہ سورج بادل کی اوٹ میں چھپا رہتا ہے اور روشنی ابر سے چھن چھن کر باہر آتی ہے ،اس وقت بھی اس طرح کے بہت آثار پائے جاتے ہیں ۔

مثلاً جن ملکوں اور شہروں میں سال کے کئی مہینے بادل چھائے رہتے ہیں، پورا آسمان چھپا رہتا ہے، سورج دکھائی نہیں دیتا لیکن گرمی ،نباتات کی نشوونما اور زندگی کے تسلسل کیلئے ضروری انرجی کی پیداوار ہوتی رہتی ہے ،غلے اور پھل پکتے رہتے ہیں، پھولوں کی ہنسی اور کلیوں کی مسکراہٹ برقرار رہتی ہے۔

پس معلوم ہوا کہ بادلوں کی اوٹ میں رہتے ہوئے بھی سورج کی تابش کے بہت سے آثار اور برکتیں موجود رہتی ہیں اور صرف اس کے بعض وہ آثار نظر نہیں آتے جن کے لئے اس کی مستقیم تابش کی ضرورت ہوتی ہے ۔مثلاً آپ جانتے ہیں کہ زندہ موجودات اور انسانی جسم کی مشینری اور اس کی جلد پر دھوپ بہت زیادہ اثر رکھتی ہے اسی وجہ سے جن ملکوں کے باشندے دھوپ سے محروم ہیں ،ان ملکوں میں جب سورج نکلتا ہے تو بہت سے لوگ دھوپ کا غسل کرتے ہیں۔ نیز اس جان بخش روشنی کے سامنے ہر ہفتہ گھومتے ہیں چونکہ ان کے وجود کا ہر ذرہ اس آسمانی تحفہ کا پیاسا ہوتا ہے۔ اس لئے وہ اس روشنی کے ذروں سے اپنی پیاس بجھاتا ہے ۔نیز آفتاب کی مستقیم تابش ،زیادہ گرمی اور روشنی پیدا کرنے کے علاوہ ،اشعہ ماورائے بنفش Infra Red Radiation کے ذریعہ،انواع واقسام کے جراثیم کو ختم کرنے اور فضا کو صاف وشفاف رکھنے کے لئے ایک خاص اثر رکھتی ہے کہ یہ اثر اس کے غیر

مستقیم نور میں نہیں پایا جاتا۔

اس پوری بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سورج کے چہرے پر بادل کا نقاب پڑ جانے کی وجہ سے اگرچہ اس کے بعض اثرات کم ہوجاتے ہیں لیکن اس کے اہم آثار اپنی جگہ پر باقی رہتے ہیں۔ یہ تو "مشبہ بہ" یعنی سورج کی کیفیت تھی آیئے اب "مشبہ" یعنی زمانہء غیبت میں الٰہی رہنماؤں کے وجود کی کیفیت کو دیکھیں۔ جب امامؑ غیبت کے بادلوں کے پیچھے پنہاں ہوتے ہیں، اس وقت اگرچہ تعلیم وتربیت اور براہ راست قیادت تعطل کا شکار ہوجاتی ہے' لیکن اُن کے وجود کی غیر مرئی' روحانی اور معنوی شعائیں غیبت کے بادلوں کی اوٹ میں رہتے ہوئے بھی بہت سے آثار کا سرچشمہ ہیں اور اس طرح وہ آپ کے وجود کے فلسفہ کو آشکار کرتی ہیں۔

## (ا) امیدوں کا سہارا

جنگ کے میدانوں میں کچھ اعلیٰ تربیت یافتہ اور جانثار سپاہی انتھک کوشش کرتے ہیں کہ دشمن کے حملوں کے مقابلے میں پرچم اسی طرح بلند اور لہراتا رہے' حالانکہ دشمن کے سپاہی ہمیشہ اس کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ کسی طرح سے اس پرچم کو سرنگوں کردیں؟ کیونکہ جب تک پرچم بلند رہے گا' سپاہیوں کے حوصلے بھی بلند رہیں گے اور وہ اطمینان قلب کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرنے اور اس کو پسپا کرنے کے لئے اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے۔

اسی طرح سے فوج کا کمانڈر اگر اپنے کمانڈنگ اسٹیشن پر موجود ہو تو چاہے وہ ظاہراً خاموش ہی کیوں نہ ہو' سپاہیوں کا جوش وخروش اپنے عروج پر ہوتا ہے۔ ان کی رگوں میں گرم خون دوڑتا رہتا ہے اور وہ اس امید کے سہارے کہ ابھی ہمارا کمانڈر زندہ ہے اور ہمارا پرچم لہرا رہا ہے۔ زیادہ سے زیادہ لگن کے ساتھ جدوجہد

جاری رکھتے ہیں۔ لیکن اگر فوج میں کمانڈر کے قتل ہوجانے کی خبر پھیل جائے تو اپنے سارے سازو سامان اور تمام تر شجاعت کے باوجود ایک عظیم فوج کے پاؤں بھی اکھڑ جاتے ہیں' جذبات ٹھنڈے پڑ جاتے ہیں' ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پوری فوج کے سر پر گھڑوں پانی انڈیل دیا گیا ہے' نہیں! بلکہ اس کے جسم سے روح نکل چکی ہے۔ ایک ملک کا سربراہ جب تک زندہ ہے، چاہے وہ سفر میں ہو یا بستر بیماری پر پڑا ہوا ہو، اس ملک کے عوام نظم وضبط کے ساتھ اپنے کاموں میں مشغول رہتے ہیں۔ اس کی زندگی اس کی قوم کی حیات اور تحریک کا سبب ہے۔ لیکن اس کی موت کی خبر سنتے ہی ملت کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ لوگوں کے چہروں پر اداسی چھا جاتی ہے اور یاس و ناامیدی کے بادل منڈلانے لگتے ہیں۔ چونکہ شیعہ ایک زندہ امام کے وجود پر اعتقاد رکھتے ہیں۔ لہٰذا اس امام کے دیدار سے محروم ہونے کے باوجود خود کو اکیلا اور لاوارث نہیں سمجھتے۔ جس مسافر کے ہمراہ دلوں کے قافلے ہیں۔ شیعہ ہمیشہ اس کی واپسی کے انتظار میں زندگی کے رات دن کاٹتے ہیں۔ مؤثر اور تعمیری انتظار میں وہ ہر روز ان کے ظہور کے منتظر رہتے ہیں۔ اس طرز فکر کے نفسیاتی اثرات' دلوں میں امید زندہ رکھنے اور انسانوں کو اصلاح نفس پر آمادہ رکھنے اور خود کو اس انقلاب کے لئے تیار رکھنے کے لئے بے پناہ افادیت کے حامل ہیں۔ لیکن اگر یہ رہبر سرے سے موجود ہی نہ ہو اور اس کے دین (مکتب) کے ماننے والے مستقبل میں اس کی ولادت اور پرورش کے منتظر ہوں تو حالات بہت زیادہ بدل جائیں گے اور کافی حد تک فرق پڑ جائیگا۔ اگر اس موضوع میں ایک اور نکتہ کا اضافہ کردیا جائے تو مسئلہ کی اہمیت کچھ اور زیادہ بڑھ جائے گی اور وہ یہ ہے کہ شیعوں کے اعتقاد کے مطابق جس کا ذکر بہت سی روایات میں موجود ہے، امام زمانہ غیبت میں ہمیشہ اپنے پیرؤوں کی

دیکھ بھال کیا کرتے ہیں اور الٰہی الہام کے ذریعہ ان کی حالت اور اعمال و کردار سے باخبر رہتے ہیں۔ اور روایات کے مطابق ہر ہفتہ شیعوں کا نامہ اعمال آپ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے، جس کے نتیجہ میں وہ اپنے شیعوں کی رفتار و کردار سے مطلع ہوتے ہیں۔ یہ فکر اس بات کا سبب بنتی ہے کہ آپ کے ماننے والے ہر وقت چوکنا رہیں گے اور ہر کام شروع کرنے سے پہلے اس بات کو مدنظر رکھیں گے کہ ایک شخص ان کی نگرانی کررہا ہے۔ تربیت کے نقطہ نظر سے اس طرز فکر کے تعمیری اور مفید اثرات کا انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔

## (۲) دین خدا کی محافظت

تاریخ بشریت کی عظیم شخصیت حضرت علی علیہ السلام اپنے ایک مختصر خطبہ میں ہر زمانہ اور ہر عصر میں الٰہی رہنماؤں کے وجود کی ضرورت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**اللھم بلی لا تخلفو الارض من قائم اللہ بحجة اما ظاهر مشورا او خائفامغمور الئلا تهل حج الله وبينا ته .**

''جی ہاں! زمین کبھی بھی دلیل وحجت کے ساتھ قیام کرنے والے کے وجود سے خالی نہیں رہتی، چاہے وہ قائم ظاہر اورآشکار ہو' یا مخفی اور پنہاں ہو،تا کہ خداوند عالم کی دلیلیں اور روشن دستاویزات ضائع نہ ہو جائیں اور بھلانہ دی جائیں ( یعنی مسخ اور تحریف شدہ نہ ہوجائیں)

اس کلام کی توضیح ملاحظہ فرمائیے۔

جیسے جیسے زمانہ گزرتا جاتا ہے لوگوں کے ذاتی نظریات اور مخصوص سلیقوں

کے مذہبی مسائل کے ساتھ مخلوط ہوجانے' انحرافی مکاتب فکر کے ظاہری طور پر دلکش اور زرق برق منصوبوں کی طرف لوگوں کا مختلف انداز میں کھنچاؤ اور آسمانی مفاہیم کو مفسدوں اور فتنوں کے الٹ پلٹ کردینے کی وجہ سے بعض قوانین اپنی اصالت اور حقیقت کو کھو بیٹھتے ہیں اوران میں بہت ہی مضر اورخطرناک تحریفات اور تبدیلیاں واقع ہوجاتی ہیں۔ اور وہ آب زلال جوآسمانی وحی سے برساتھا ان کے ذہنوں سے عبور کرنے کی وجہ سے گدلا اور مٹیالا ہوکر اپنی پہلے والی شفافیت سے محروم ہو جاتا ہے۔ اور یہ پرفروغ نور تاریک افکار کے ظلماتی شیشوں سے گزرنے کی وجہ سے مدہم پڑجاتا ہے۔ مختصر یہ کہ کوتاہ فکروں کے بناو سنگھار اور کچھ نئے شاخ و برگ کے اضافہ کردینے کی وجہ سے اس کا اصلی چہرہ اس حد تک بدل جاتا ہے کہ بعض اوقات اصلی مسائل کو پہچاننا دشوار ہوجاتا ہے

شرع تو را درپئ آرائش و دین تورا ازپی پیرائشند
پس کہ فزودند آن برگ و گر تو بینی نشناسی دگر

شاعر پیغمبر کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے:

مسلمان آپ کی شریعت کے بناو سنگھار کے چکر میں ہیں ،آپ کے دین کی تراش خراش میں مشغول ہیں ،انہوں نے اس پر اس قدر برگ وگل کا اضافہ کردیا ہے کہ اگر اب آپ بھی اس کو دیکھیں تو پہچان نہ سکیں گے۔

ایسی حالت میں مسلمانوں کے درمیان کیا ایسے شخص کا وجود لازمی نہیں ہے جو اسلام کے اَن مٹ اور اور فنا ناپذیر مفاہیم کو اس کی اصلی شکل میں آئندہ نسلوں کے لئے محفوظ رکھے؟

کیا دوبارہ پھر کسی پروحی نازل ہوگی؟ ہرگزنہیں کیونکہ خاتمیت کے ہمراہ وحی

کا دروازہ بھی ہمیشہ ہمیشہ کیلئے بند ہو چکا ہے ۔تو پھر اس اصلی دین کی حفاظت کس طرح کی جائے اور اس کو آئندہ نسلوں کے لئے خرافات وتحریفات سے بچا کر کیسے باقی رکھا جائے گا؟! کیا اس کے علاوہ کوئی اور چارہ ہے کہ یہ سلسلہ ایک معصومؑ پیشوا کے ذریعہ باقی رہے۔ اب چاہے وہ پیشوا ظاہر اور آشکار ہو، یا غائب ونا آشنا"لـئـلا تبطـل حـجج الله بينا ته" آپ کو معلوم ہے کہ ہر اہم ادارہ میں ایک ایسا صندوق ہوتا ہے جو ہر قسم کے خطرے سے محفوظ ہوتا ہے اس کے اندر ادارے کی اہم دستاویزات کی حفاظت کی جاتی ہے، تا کہ چوروں کے ہاتھوں سے محفوظ رہیں اور کبھی اس ادارہ میں آگ لگ جائے تو وہ دستاویزات جلنے سے محفوظ رہیں کیونکہ اس ادارہ کی حیثیت اور اس کا اعتبار انہی دستاویزات سے وابستہ ہے۔ اگر وہ دستاویزات نابود ہو جائیں تو اس ادارہ کا وقار خطرے میں پڑ جائے گا۔

امام کا سینہ اور آپ کی عظیم روح دین خدا کی دستاویزات کی حفاظت کے لیے آسیب ناپذیر صندوق ہے، وہ دین الٰہی کی حقیقتوں اور آسمانی تعلیمات کی خصوصیات کو اپنے سینہ میں محفوظ رکھتے ہیں تا کہ پروردگار کی واضح نشانیاں اور خداوند عالم کی دلیلیں باطل نہ ہوسکیں۔

دوسرے فوائد کے علاوہ یہ آپ کے وجود کا ایک اور فائدہ ہے۔

## (۳) ایک ہوشیار ضربتی گروہ کی تربیت:

امام زمانہؑ کی غیبت کے درمیان عوام سے ان کے رابطہ کا مسئلہ ایسے نہیں ہے جیسے کہ عام طور پر لوگوں کا خیال ہے۔ بلکہ اس کے برعکس زمانۂ غیبت میں عوام سے امام کا رابطہ بالکل منقطع نہیں ہوا ہے۔ اسلامی روایات کے مطابق وہ لوگ جن کے دل عشق خدا سے سرسبز ہیں، ہر طرح کی فدا کاری کے لئے آمادہ ہیں، دنیا کی

اصلاح کے ارمان کو پورا کرنے کے لئے خلوص دل سے کوشش کرتے ہیں، ایک چھوٹے سے گروہ کی صورت میں امامؑ سے تعلق برقرار کئے ہوئے ہیں ۔اور اس رابطہ کے ذریعہ ان کی تربیت ہوتی رہتی ہے وہ آپؑ کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ انقلابی جذبہ کسب کرتے ہیں اور وہ بھی ایسے تعمیری اور حتمی انقلاب کا جو دنیا میں ہر طرح کے ظلم وستم کا قلع قمع کردے گا۔

ممکن ہے یہ لوگ اس انقلاب سے پہلے ہی اس دنیا سے رخصت ہو جائیں لیکن ایسی صورت میں یہ لوگ اپنی تیاریوں اور انقلابی تعلیمات کو اپنی آئندہ نسل اور دوسرے مومنین کے حوالے کرکے جائیں گے اور یوں وہ سلسلہ کے آخری گروہ کی تربیت میں حصہ دار اور شریک رہیں گے۔

گزشتہ صفحات میں عرض کرچکا ہوں کہ غیبت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ نے نامرئی روح یا ناپیدا شعاعوں کی شکل اختیار کرلی ہے بلکہ آپؑ کی زندگی طبعی اور معمول کے مطابق ہے۔ آپ ناآشنا طریقے سے ان انسانوں کے درمیان آمد و رفت رکھتے ہیں ۔باصلاحیت اور لائق افراد کا انتخاب کرکے انہیں اپنے ہمراہ کرلیتے ہیں ۔ان کی زیادہ سے زیادہ تربیت کرکے ان کو بہتر سے بہتر بناتے ہیں۔

مستعد افراد اپنی استعداد اور قابلیت کے مطابق اس سعادت کو حاصل کرنے کی توفیق پیدا کرتے ہیں بعض چند لمحے ،بعض چند گھنٹے اور بعض چند روز آپ سے رابطہ برقرار کئے رہتے ہیں ،اور کچھ ایسے بھی ہیں جو برسوں آپ کے ہمراہ رہتے ہیں اور آپ سے قریبی رابطہ برقرار کئے ہوئے ہیں ۔

اس بات کو مزید واضح انداز میں یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے خود کو علم وتقویٰ کے زیور سے اس طرح آراستہ کیا ہے،اور انہوں نے

دانش و پرہیز گاری کے دوش پراس طرح سوار ہو کر ترقی اور فضیلت کے مراتب طے کئے ہیں اور اعلیٰ مدارج پر فائز ہوگئے ہیں جس طرح سے ہوائی جہاز کے دور دراز کے مسافر بادلوں کے دوش پر مستقر ہوجاتے ہیں ۔جہاں پر حیات آفرین آفتاب کی تابش کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہے۔ حالانکہ زمین کی پستی پر بسنے والے لوگ بادلوں کے نیچے اجالے سے محروم تاریکی اور اندھیرے میں زندگی بسر کرتے ہیں ۔اور واقعاً صحیح بھی یہی ہے۔ہمیں اس بات کا انتظار نہیں کرنا چاہیے کہ سورج کو بادلوں کے نیچے لاکراس کے چہرے کی زیارت کریں ،ایک ایسا انتظار خیال خام اور بہت بڑی غلطی ہے۔بلکہ یہ ہمارا فریضہ ہے کہ کوشش کرکے بادلوں کے اوپر پہنچ جائیں تاکہ آفتاب کی جاودانہ شعاؤں سے فیض یاب ہوں ۔بہر حال اس گروہ کی تربیت دوران غیبت میں آپ کے وجود کا ایک اور فلسفہ ہے۔

## غیرمحسوس اور روحانی نفوذ:

آپ کومعلوم ہے کہ سورج کی کچھ مرئی شعائیں ہیں جن کے آپس میں مل جانے سے سات مشہور رنگ ظاہر ہوتے ہیں اور کچھ نامرئی شعائیں ہیں جون کو اشعہ فوق بنفش Ultra Violet "اور اشعہ ٔ مادون قرمز" Infra red Radiation Radiation کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس طرح ایک عظیم الٰہی رہبر،چاہے وہ پیغمبر ہو یا امام ،رفتار روگفتار اورعام تعلیم وتربیت کے ذریعہ انجام پانے والی تشریعی تربیت کے علاوہ ذہنوں اورفکروں میں روحانی نفوذ اور اثر کے ذریعے ایک قسم کی روحانی تربیت انجام دیتے ہیں۔ جسے تکوینی تربیت کے نام سے یاد کیا جاسکتاہے۔اس مقام پر الفاظ وکلمات، گفتار وکردار کا کوئی کام نہیں ہوتا بلکہ صرف داخلی کشش اور جاذبیت اثر دکھاتی ہے۔

بہت سے عظیم دینی پیشواؤں کے حالاتِ زندگی میں یہ بات ملتی ہے کہ بعض گناہ گار اور بدکار لوگ ان بزرگوں سے ایک مختصر سی ملاقات کرنے کے بعد منقلب ہوجاتے تھے۔ان کی دنیا بدل جاتی تھی ۔ان کا راستہ بدل جاتا تھا۔ان کی سرنوشت میں اچانک انقلاب آجاتا تھا اور بقولِ معروف جو ۱۸۰درجہ منحرف ہوکر بالکل نئے راستہ کو اپنا چکے ہوئے تھے۔وہی گناہگاراور بدکار عناصر اچانک اتنے مومن ،متقی اور فدا کار بن جاتے تھے کہ اس مقصد کے لئے اپنی جان تک قربان کرنے کے لئے تیار رہتے تھے۔

یہ اچانک اور فوری تبدیلی ،یہ ہمہ گیر انقلاب ،وہ بھی صرف ایک نظر یا مختصر سی ملاقات کے ذریعہ (البتہ ان لوگوں کیلئے جن میں گناہگار ہونے کے باوجود ایک طرح کی آمادگی بھی پائی جاتی ہے)۔معمول کے مطابق تعلیم وتربیت کا نتیجہ نہیں ہوسکتا،بلکہ یہ ایک نامرئی نفسیاتی اثر اور ناخودآگاہ کشش اور جذبہ کا نتیجہ ہے کہ بعض اوقات اس کونفوذِ شخصیت کے نام سے بھی یاد کیاجاتا ہے۔

بہت سے لوگوں نے اپنی زندگی میں اس بات کا تجربہ کیاہے کہ جب متقی، پرہیز گار اور عظیم روح کے مالک افراد کا سامنا ہوتا ہےتو بے اختیار اورناآگاہ طریقہ سے لوگ ان سے اس قدر متاثر ہوجاتے ہیں کہ ان کے سامنے بات کرنے کی ہمت نہیں پڑتی ۔زبان لڑکھڑانے لگتی ہے ،اور وہ خوداپنے کوایک ایسے عظیم اور اسرارآمیز ہالہ کے درمیان گھراہواپاتے ہیں جس کی توصیف کرنا ناممکن ہے۔

البتہ ممکن ہے کہ بعض اوقات اس طرح کی چیزوں کوثلقین وغیرہ کا نام دے کرتوجیہ کر لی جائے۔لیکن اس طرح کی تفسیر اورتوجیہ ہر جگہ پر صادق نہیں آسکتی اوراس کے علاوہ کوئی راستہ نہیں رہ جاتا کہ اعتراف کرلیا جائے کہ یہ آثاران

پر اسرار شعاؤں کا نتیجہ ہیں ،جو متقی، پرہیز گار اور عظیم انسانوں کے وجود کی گہرائیوں سے نکلتی ہیں۔

عظیم رہنماؤں کی تاریخ میں اس طرح کے بہت سے واقعات ملتے ہیں جن کی تفسیر وتوجیہ صرف اسی طریقہ سے کی جاسکتی ہے مثلاً ایک گناہگار شخص کا پیغمبر کی خدمت میں آنا اور اچانک اس کی روح میں انقلاب آجانا یا خانہ ءکعبہ کے پاس پیغمبر اسلامؐ کو دیکھتے ہی اسعد بن زرراہ، بت پرست کے طرز فکر کا بدل جانا۔

یا وہ چیز جس کو پیغمبر اسلامؐ کے دشمن جادو کہا کرتے تھے اور اس کی وجہ سے لوگوں کو پیغمبر اسلامؐ کے پاس جانے سے منع کیا کرتے تھے،ان تمام چیزوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مختلف افراد پر پیغمبر اکرمؐ کا اثران ہی اسرار آمیز شعاؤں کے ذریعہ ہوتا تھا۔

اسی طرح کربلا کے راستہ میں امام حسینؑ کے پیغام نے زہیر کی فکر پر وہ اثر کیا ہے کہ امام حسین کے پیغام کو سننے کے بعد زہیر اپنے ہاتھ کے لقمہ کو منہ میں نہ ڈال سکے، بلکہ لقمہ پھینک کر اٹھ کھڑے ہوئے اور فوراً امام کی خدمت میں حاضر ہوگئے۔

یہی وہ عجیب وغریب کشش ہے جو ''حر بن یزید ریاحی'' شب عاشور اپنے وجود میں محسوس کرر ہا تھا کہ اپنی ساری شجاعت کے باوجود شاخ بید کی طرح لرز رہا تھا اور آخر کار یہی کشش اس کو کربلا کے مجاہدوں کی صف میں کھینچ لائی اور شہادت کے مرتبہ پر فائز کردیا۔

یا اس جوان کا واقعہ جو ابو بصیر کا پڑوسی تھا اور اس نے بنی امیہ کی غلامی کرکے جو دولت وثروت جمع کی تھی۔اس کو شراب وکباب اور عیاشی میں لٹا رہا تھا

لیکن امام جعفر صادقؑ کے ایک پیغام نے اس کی زندگی کے دھارے کو موڑ دیا اور اس نے تمام برے کاموں سے توبہ کر لی اور اس نے جتنی دولت وثروت ناجائز طریقہ سے اکٹھی کی تھی، وہ یا تو اس کے حقیقی مالکوں کو واپس کردی یا خدا کی راہ میں خرچ کردی ۔یا اس خوبصورت عشوہ گر اور گویا کنیز کا واقعہ جس کو ہارون نے اپنے زعم باطل میں امام موسیٰ کاظمؑ کو بہکانے کے لئے (نعوذ باللہ) جیل میں بھیجا تھا۔لیکن مختصر سے عرصہ میں اس کی روح میں انقلاب آ گیا اور وہ اس حد تک بدل گئی کہ اس کی شکل وصورت اس کے انداز گفتگو اور منطق نے ہارون کو حیرت میں ڈال دیا۔

یہ تمام چیزیں اسی ناخود آ گاہ تاثیر کی نشانیاں ہیں کہ اس کو پیغمبر یا امام کی ''ولایت تکوینی'' کا ایک شعبہ کہہ سکتے ہیں ،کیونکہ اس مقام پر تربیت اور ارتقاء کا سبب الفاظ ،جملے اور حسب معمول طریقے نہیں بلکہ اصلی سبب روحانی اثر اور معنوی کشش ہے ۔جیسا کہ عرض کر چکا ہوں یہ چیزیں اماموں اور پیغمبروں سے مخصوص نہیں ہیں بلکہ اللہ کے سچے بندے اور عظیم متقی وپرہیز گار شخصیتیں بھی اپنی شخصیت ومنزلت کے لحاظ سے اپنے اردگرد اس ناخود آ گاہ اثر اور نفوذ کا ہالہ کھینچ لیتی ہیں ۔ البتہ امامؑ وپیغمبرؐ کے معنوی اثرات کی وسعت سے خداوندعالم کے ان صالح بندوں کے معنوی اثرات کی وسعت کا مقابلہ نہیں کیاجا سکتا۔گویاان دونوں کی وسعتوں میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔

امامؑ کا وجود غیب کے پردوں کی آڑ میں رہتے ہوئے بھی یہ خاصیت رکھتا ہے کہ اپنی شخصیت کے اثر ونفوذ کی طاقتوں اوروسیع شعاؤں کے ذریعہ دور اور نزدیک کے علاقوں میں آمادہ دلوں کو ایک مخصوص کشش سے متاثر کرکے ان کی تربیت کرے۔ان کو شاہراہ ترقی پر گامزن کرے اور انہیں انسان کامل بنادے۔

زمین کے مقناطیسی قطب ہم کو نظر نہیں آتے ،لیکن قطب نما کی سوئیوں پر ان کا اثر اس قدر ہے کہ یہ قطب نما سمندروں میں کشتیوں کی رہنمائی اور آسمانوں میں ہوائی جہازوں کی رہنمائی کرتے ہیں ۔صحراؤں میں مسافروں کو راستہ بتاتے ہیں ۔انہی مقناطیسی امواج کی بدولت پورے کرہ ارض پر کروڑوں مسافر اپنا راستہ تلاش کر کے منزل مقصود پر پہنچ جاتے ہیں اور اسی چھوٹی سی سوئی کے طفیل ہزاروں چھوٹی بڑی گاڑیاں اور حمل ونقل کے ذرائع سرگردانی و پریشانی سے نجات پا جاتے ہیں۔

ایسی صورت میں اگر زمانہ غیبت میں امامؑ کا وجود اپنی معنوی اور روحانی کشش کے ذریعہ لوگوں کے افکار کی ہدایت اور ان کو سرگردانی وگمراہی سے نجات دلادے تو اس میں کون سی تعجب کی بات ہے؟

لیکن اس بات کو فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ جس طرح مقناطیس کی موجیں لوہے کے ٹکرانے پر اثر نہیں کرتی ہیں بلکہ صرف ان ظریف اور حساس سوئیوں پر اثر انداز ہوتی ہیں جن پر مقناطیس کا پانی چڑھا ہوا ہو اس میں مقناطیسی امواج کو بھیجنے والے قطب سے سنخیت پائی جاتی ہو۔اسی طرح سے صرف وہی دل امامؑ کی ناقابل توصیف روحانی کشش اور معنوی موجوں سے متاثر ہوتے ہیں جو امامؑ کے راستہ کو اپنائے ہوئے ہیں اوران سے شباہت رکھتے ہیں ۔

مذکورہ بالا بحث کو مدنظر رکھتے ہوئے زمانہ غیبت میں امامؑ کے وجود کا ایک اور فلسفہ آشکار ہوجاتا ہے۔

## (۵) مقصد تخلیق کی توجیہ

عقلمند شخص کا کوئی قدم بے مقصد نہیں ہوتا ،عقل وعلم کی روشنی میں جو کام بھی انجام دیا جائے اس کا کوئی مقصد ضرور ہوگا ۔

انسانوں کے کاموں میں بروئے کار مقصد ،معمولاً اپنی احتیاجات کو برطرف کرنا اور اپنی کمی کو پورا کرنا ہوتا ہے۔ لیکن خدا کے کاموں میں مقصد یہ ہوتا ہے کہ دوسروں کی ضروریات کو پورا کیا جائے کیونکہ اس کی ذات غنی ہے وہ کسی چیز کا محتاج نہیں ہے۔اس کو کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے لہٰذا خداوند عالم کا اپنے فائدے کے لئے کام کرنا کوئی مفہوم نہیں رکھتا۔اس مثال پر غور کیجئے۔

زرخیز زمین پر پھول اور پھل دار درخت لگاتے ہیں تو درختوں اور پھل دار پودوں کے درمیان فالتو گھاس بھی اگ آتی ہے ،جب ان درختوں کی سینچائی کرتے ہیں تو ان درختوں کے طفیل میں یہ فالتو گھاس بھی سیراب ہوجاتی ہے۔اس مقام پر دو مقصد سامنے آتے ہیں۔

## اصل مقصد

درختوں اور پھول کے پودوں کو سینچنا۔

## طبعی مقصد

بے مصرف فالتو گھاس کی سینچائی۔

یقیناً یہ طبعی مقصد اس عمل کی علت اور سبب نہیں بن سکتا اور نہ ہی اس کام کے عاقلانہ اور حکیمانہ ہونے کی وجہ بن سکتا ہے بلکہ اہمیت اسی اصل مقصد کو حاصل ہوتی ہے جو منطقی پہلو رکھتا ہے۔

**''ان الارض یرثها عبادی الصالحون''**

جہاں خلقت کا باغبان صرف اسی طبقہ کے لئے اپنی نعمتوں اور اپنے فیض کو جاری رکھے ہوئے ہے،اگرچہ فالتو گھاس (اور جڑی بوٹیاں) بھی طبعی مقصد کے

طور پر اس سے سیراب ہوجائیں اور فائدہ اٹھالیں لیکن یہ اصل مقصد نہیں ہے۔

اور اگر ایسا وقت آجائے کہ اس صالح اور مومن نسل کا آخری فرد بھی اس دنیا سے رخصت ہوجائے تو اس وقت ان نعمتوں کے باقی رہ جانے کی کوئی وجہ نہ ہوگی۔اس دن دنیا سے چین وسکون اٹھ جائے گا۔آسمان اپنی برکتوں کو منقطع کردے گا،زمین انسانوں کو فائدہ پہنچانے سے انکار کردے گی۔

اور یہ معلوم ہے کہ پیغمبر اور امام ،صالح اور مومن بندوں کے لیے سمبل اورانسانی کاملیت کا سب سے اعلیٰ نمونہ ہیں۔

یعنی یہ وہی لوگ ہیں جو اس کائنات کی تخلیق کا مقصد ہیں ،جن کے لئے یہ دنیا خلق کی گئی ہے۔ ان کا وجود خواہ تنہا اپنے لئے ہو یا صالحین کی سربراہی کے عنوان سے بہر حال ان کا وجود خیروبرکات کے نزول اور رحمت خدا کی بارش کا سبب اور تخلیق کے مقصد کی توجیہ کرتا ہے۔اب چاہے وہ لوگوں کے درمیان ظاہری طور پر زندگی بسر کرتا ہو یا چھپ کر نا آشنا طریقے سے۔

یہ صحیح ہے کہ دوسرے صالح بندے بھی کائنات کی تخلیق کا مقصد یا دوسرے لفظوں میں اس عظیم مقصد کا ایک جز ہیں۔لیکن اس مقصد کے کامل نمونے یہی کامل انسان اور آسمانی شخصیتیں ہیں۔کیونکہ اگر صرف ایک درخت بھی باقی رہ جائے لیکن وہ ایک درخت اتنا پر بار ہو کہ جتنا پھل ہم کو ہزار درخت سے ملنے کی امید تھی اتنا صرف اس ایک درخت سے مل جائے،تو بلا تردید ہم اسی ایک درخت کی سینچائی کے لئے باغبانی اور آبیاری کے منصوبہ کو جاری رکھیں گے۔ چاہے ہماری اس آبیاری سے بہت زیادہ فالتو گھاس بھی بہرہ مند ہوتی ہے لیکن اگر ایک دن وہ درخت بھی سوکھ جائے تو ہم ان فالتو گھاسوں کی پروا کئے بغیر سینچائی سے ہاتھ کھینچ لیں گے۔

یہ دنیائے تخلیق اسی تروتازہ باغ کی مانند ہے اور انسان اسی باغ کے درخت ہیں جو لوگ ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہیں۔ وہ پھلوں سے لدے ہوئے۔ درخت ہیں اور جو لوگ گناہوں اوبدکاریوں کے جال میں پھنس گئے اور انسانیت کے راستہ سے ہٹ گئے ہیں وہ اس باغ کی فالتو گھاس ہیں۔

یہ چمکتا ہوا سورج، ہوا کے یہ حیات آفریں ذرات، زمین وآسمان کی اتنی ساری نعمتیں اس لئے پیدا نہیں کی گئی ہیں کہ مٹھی بھر اوباش وارازل ایک ہو کر ان کو کھا جانے میں مشغول ہوجائیں اور سماج کو ان کی ذات سے ظلم وستم جہل وفساد کے علاوہ اورکوئی فائدہ نہ پہنچا ہو۔ ہرگز نہیں خلقت کا مقصد ہرگز، یہ نہیں ہوسکتا۔

یہ دنیا اوراس کی نعمتیں اس خدا پرست کے نقطہ نظر سے جو خداوندعالم کے علم وحکمت سے آشنا ہے، صرف خداوندعالم کے صالح اور مومن بندوں کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔ اور آخرکاران غاصبوں کے ہاتھوں سے نکل کر دوبارہ انہی صالح اور مومن بندوں کے ہاتھوں میں محفوظ ہیں۔

یہی وہ مقام ہے جہاں احادیث میں ملنے والی بعض ان عبارتوں کے مفاہیم واضح ہوتے ہیں جن میں آیا ہے کہ

بیمنہ رزق الوری وبوجودہٖ ثبتت الارض والسماء

''ان کی (یعنی خداوند عالم کے نمائندہ اور حجت کے )وجود کی برکت سے لوگوں کوروزی ملتی ہے اورانہی کی خاطر یہ آسمان وزمین اپنی جگہ پر باقی ہیں''۔

یہ بات ''مبالغہ آمیز''منطق سے دور یا''شرک آلودہ''نہیں ہے

خداوندعالم کی جانب سے پیغمبر اسلام کومخاطب کرکے احادیث قدسی کی اس عبارت کا مفہوم بھی یہی ہے جومشہور کتابوں میں منقول ہے۔

"لَولاکَ لَمَا خَلَقتُ الَافلاکَ"

اگر آپؐ نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو خلق نہ کرتا۔

یہ جملہ ایک حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے اور مبالغہ آمیز (ہرگز) نہیں ہے، بس فرق یہ ہے کہ آنحضرتؐ مقصد تخلیق کے شاہکار اور بقیہ صالحین اس عظیم مقصد کے اجزاء ہیں۔

اس فصل میں پانچ عناوین کے ماتحت جو کچھ بیان ہوا ہے اس کا ماحصل یہ ہے:

جو لوگ دور بیٹھے ہوئے زمانہ غیبت میں امامؑ کے وجود کو ایسا ذاتی اور شخصی وجود سمجھتے ہیں جس سے سماج کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا اور انہوں نے اس سلسلہ میں شیعوں کے عقائد پر حملے کئے اور اعتراض کی بھر مار کردی ہے کہ قیامت و امامت کے لحاظ سے ایسے امامؑ کے وجود سے لوگوں کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے؟

ان کے یہ خیالات اور اعتراضات غلط ہیں، زمانہ غیبت میں بھی آپ کے وجود کے فائدے بے شمار ہیں۔

# خلقت سے قبل خلافت

اما بعد اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی کتاب میں ارشاد فرماتا ہے:

وَاِذْ قَالَ رَبُّکَ لِلْمَلآئِکَۃِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِیْ الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً

"اور جب تیرے پروردگار نے ملائکہ سے کہا یقیناً میں زمین پر خلیفہ قرار دینے والا ہوں" (سورۃ بقرہ آیت ۳۰)

پس اللہ تعالیٰ نے خلقت انسانی سے پہلے خلافت کا آغاز کردیا اور یہ امر اس کی دلالت کرتا ہے کہ جو حکمت خلافت میں ہے، وہ اس حکمت سے بالا تر ہے جو خلقت میں ہے۔ اسی لئے اس نے اسی سے آغاز کردیا کیونکہ وہ پاک ومنزہ ذات حکیم ہے اور حکیم وہ ہوتا ہے جو اہم سے ابتداء کرتا ہے نہ کہ غیر اہم سے۔ اور یہ قول صادق آل محمدؑ حضرت امام جعفر بن محمد علیہما السلام کے فرمان کا مصداق ہے جو ارشاد فرماتے ہیں: "حجت خلق سے پہلے خلق کے ساتھ اور خلق کے بعد ہوتی ہے" اور اگر خداوندعزوجل مخلوقات کو خلیفہ کے بغیر خلق فرمائے تو گویا اس نے انہیں تلف کردیا اور ضیاع کا ہدف بنایا اور بے وقوف کو اپنی بے وقوفی سے روکا نہیں۔ اس طرح کہ اسی کی حکمت تقاضا کرتی ہے کہ حدود قائم ہو جائیں اور مفسد سدھر جائے اور حکمت کو وہ ایک لحظہ یہ اجازت نہیں دیتا کہ حدود کو نافذ کرنے سے منہ پھیر لے۔

حکمت عمومیت رکھتی ہے، جس طرح اطاعت عمومیت رکھتی ہے اور جس نے یہ گمان کیا کہ دنیا لحہ بھر کے لئے بھی امام سے خالی رہ سکتی ہے اس پر یہ لازم آتا ہے کہ وہ براہمہ مذہب کی حقانیت کا اقرار کرے ۔ ایسے لوگ نبوت اور رسالت کے بطلان کے قائل ہیں اور اگر قرآن میں یہ بات نہ ہوتی کہ محمدؐ خاتم الانبیاء ہیں تو ہر وقت کے لئے ایک رسول کا ہونا ضروری ہوتا اور جب یہ بات مسلمہ ہوگئی تو آپؐ کے بعد کسی نبی اور ر رسول کے آنے کی امید ختم ہوگئی ۔ اور خلیفہ کی ضرورت کا تصور عقل میں باقی رہ گیا ۔ اور یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کی طرف دعوت نہیں دیتا جب تک انسانی عقل میں اس کے حقائق کو منعکس نہیں کرتا ۔ اور اگر اس کے خدو خال کو متصور نہ کرے تو دعوت لا حاصل ہو جاتی ہے اور حجت ثابت نہیں ہوتی ۔ کیونکہ ہر چیز اپنی شبیہ سے مانوس ہوتی ہے اور اپنے متضاد سے دور بھاگتی ہے ۔ اس بنا پر عقل میں رسولوں کے انکار کا تصور ہوتا تو خداوند عالمین کسی نبی کو کبھی بھی مبعوث نہ فرماتا ۔

اس کی مثال یوں ہے کہ ایک طبیب مریض کا اس کی مزاجی کیفیت سے مطابقت رکھنے والی چیز سے علاج کرتا ہے اور اگر کسی ایسی دوا سے اس کا علاج کرے جو اس کی طبیعت کے بر خلاف ہو تو یہ چیز اس کی ہلاکت کا باعث بنے گی ۔ پس معلوم ہوا کہ وہ احکم الحاکمین خدا بھی کسی سبب کی طرف دعوت نہیں دیتا مگر یہ کہ اس سبب کے لئے انسانی عقل میں ایک ثابت تصور موجود ہے ۔ اور خلیفہ کے ذریعے خلیفہ کو منسوب کرنے والے کی نشاندہی ہو جاتی ہے جیسا کہ یہ عام و خاص میں معمول ہے اور عرف عام میں یہ ثابت ہے کہ جب بھی کوئی بادشاہ کسی ظالم کو اپنا جانشین بنادے تو ۔ لوگ اس جانشین کے مظالم سے اس کو مقرر کرنے والے کے ظالم ہونے پر استدلال کرتے ہیں ۔ اس کے برعکس اگر وہ جانشین عادل ہو تو اس کو منسوب کرنے

والے کے عادل ہونے کو ثابت کرتے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ اللہ کی خلافت کے لئے عصمت کا ہونا ضروری ہے اور خلیفہ سوا معصوم کے اور کوئی نہیں ہوسکتا۔

## خلیفہ کی اطاعت کا وجوب

جب اللہ عزوجل نے آدمؑ کو زمین پر خلیفہ بنایا اورآسمان والوں پر ان کی اطاعت واجب قراردی تو اہل زمین کے بارے میں اس سلسلے میں کیا خیال ہوسکتا ہے۔ اورجب اللہ عزوجل نے مخلوقات پر اپنے ملائکہ پر ایمان لانے کو واجب قراردیا تو ملائکہ پر خلیفتہ اللہ کو سجدہ کرنے کو لازم قراردیا۔ پھر اس دوران میں جب ایک جن نے سجدہ کرنے سے انکار کردیا تو اللہ تعالٰی نے اس پر ذلت وحقارت اور تباہی نازل کردی۔ اسے قیامت تک کے لئے خوار کردیا اور اس پر لعنت فرمائی۔ اس سے ہم امام کے رتبہ اور فضیلت سے واقف ہوئے۔ اور جب اللہ تعالٰی نے اپنے ملائکہ کو آگاہ کردیا کہ وہ زمین پر خلیفہ قرار دینے والا ہے تو انہیں اس بات پر گواہ بنا دیا کیونکہ ان کا جاننا بذات خود گواہی ہے پس اس کا لازمہ یہ ہے کہ جوشخص یہ دعویٰ کرے کہ مخلوقات کو خلیفہ چننے کا حق ہے تو اس کے خلاف اللہ کے ملائکہ (سب کے سب) گواہی دیں گے اور گواہی کی عظمت معاملہ کی اہمیت پر دلالت کرتی ہے جیسا کہ عام طور پر گواہ کے بارے میں یہ بات پائی جاتی ہے۔ پس وہ شخص کیسے اور کس طرح اللہ کے عذاب سے نجات پائے گا جواس سلسلے میں اپنے آپ کو صاحب اختیار سمجھتا ہے۔ درحالیکہ اللہ کے ملائکہ اول سے آخر تک اس کے خلاف گواہی دے چکے ہیں اور اس کے برعکس اس بارے میں نص کا اتباع کرنے والا کیونکر عذاب پائے گا جب کہ تمام ملائکہء خدا نے اس کے حق میں گواہی دی ہے؟؟۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ خلافت کا معاملہ قیامت تک باقی رہے گا اور

# حرف اختصار

کمال الدین وتمام النعمہ کا مقدمہ دیگر قدیم کتب کی طرح اس قدر طویل ہے کہ دور حاضر میں صرف مقدمہ ہی کتابی صورت اختیار کرسکتا ہے۔ ہم نے تقریباً ایک تہائی مقدمہ شامل انتخاب کیا جبکہ بقیہ دو تہائی سے زائد کو یکسر نظر انداز کر دینے کے بجائے اس کا مختصر سا تعارف ضروری جانا ہے۔ اگر حضرت ناشر کے حکم کے مطابق اس کی تلخیص کی جاتی تو وہ بھی شامل کردہ حصہ (۱/۳) کے برابر ہوتی کیونکہ تلخیص میں وہ تمام موضوعات اور نکات پیش کرنا ہوتے ہیں جو اصل متن میں موجود ہوں اور کسی مفہوم یا مطلب سے صرف نظر نہیں کیا جاسکتا۔ چنانچہ ہم نے اختصار کا راستہ اپنایا ہے۔ بعد ازاں شامل کتاب روایات کے طویل سلسلۂ اسناد کے معاملے میں بھی حسب ضرورت یہی طریقۂ کار استعمال کیا جائے گا۔ جب کہ معمرین کی روایات اورقدیم قصوں کہانیوں وغیرہ سے یکسر اجتناب کیا ہے۔ فاضل مؤلف نے خود بھی انہیں غیبت امام مہدیؑ کے اثبات میں غیر اہم جانا ہے اور ان کا اندراج محض برسبیل تذکرہ کیا ہے۔

آمدبرسر مطلب بقیہ مقدمہ میں مخالفین ومنکرین غیبت خصوصاً زیدیہ، کیسانیہ، واقفیہ وغیرہ کے بے شمار اعتراضات اور مؤلف کی طرف سے ان کے

جوابات (برائے اثبات غ مہدیؑ مع ولادت ، امامت، ظہور اور دیگر آئمہ کے اثبات امامت ے پر ے میں) موجود ہیں۔

علاوہ ازیں کتاب میں ابن بشار کے اعتراضات اور اس کوابو جعفررازی کے جوابات اور رکن الدولہ کے دربار میں مؤلف کا ایک ملحد سے (طویل) مناظرہ درج ہے۔ مناظرہ سے قبل ایک عنوان ''عترت میں سے امام غائبؑ کے وجود پر استدلال جو ظاہر ہوگا اور زمین کو عدل سے بھر دے گا'' درج ہے، اسے من وعن شامل انتخاب کیا ہے۔ جبکہ مناظرہ کو کاملتاً چھوڑ دیا ہے۔ اعتراضات اور ان کے جوابات کا مختصر تذکرہ آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

مظہر عباس عفی عنہ

ہے۔" (سورہ احزاب آیت ۲۱)

جبکہ ارشاد نبوی ہے:

"علیؑ کی منزلت مجھ سے وہی ہے جو ہارون کو موسیٰ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے"

علیؑ نبی نہیں تھے مگر رسول خدا نے انہیں ہارون نبیؑ سے تشبیہ دی ہے اور بروایت عبداللہ بن عباسؓ رسول خدا نے فرمایا: جوشخص آدمؑ کو ان کے علم میں، نوحؑ کو ان کی صلح جوئی میں، ابراہیمؑ کو ان کے حلم میں، موسیٰؑ کو ان کی ذہانت میں اور داؤدؑ کو ان کے زہد میں دیکھنا چاہتا ہے تو وہ اس (علیؑ) کی طرف دیکھ لے۔ ہمارے امام زمانہؑ کی غیبت، حضرت موسیٰ اور دوسرے انبیاءؑ جن کی غیبت ہوئی، سے مشابہ ہے اور ہمارے امامؑ کی غیبت طاغوت کے خوف کے سبب ہے۔ رسول خدا سے پہلے آنے والے تمام انبیاء کے اوصیاء تھے اور رسول خدا نے اپنے بعد میں آنے والے اوصیاء کو انہی انبیاء کے اوصیاء سے مشابہ قرار دیا ہے اور اس مشابہت کی خبر بھی دی ہے۔ حضرت موسیٰؑ کے وصی یوشع بن نون کا حضرت موسیٰ کی زوجہ صفرا بنت شعیب سے جو واقع ہوا وہی امیر المومنینؑ کا عائشہ بنت ابی بکر سے ہوا۔ انبیاءؑ کی تغسیل (غسل دینا) ان کے اوصیاء پر واجب ہے چنانچہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا مجھے علیؑ ابن ابی طالبؑ غسل دیں گے۔ پس انبیاء اور آئمہ میں اسم وصفت اور مدح وعمل میں مشابہت ثابت ہو چکی ہے۔

## اعتراض

حضرت موسیٰ نے جب تک اپنی دعوت کا اظہار نہیں کیا ان کی پیروی کسی پر لازم نہ تھی۔ لہٰذا تمہارے امامؑ کی غیبت کا حضرت موسیٰ کی غیبت سے اثبات نہیں

کیا جاسکتا جب تک کہ وہ اپنی دعوت کا اظہار نہ کریں اور اپنے نفس اور ذات کومتعارف نہ کروائیں۔

## جواب اعتراض:

ہمارے مخالفین اس بات سے غافل ہیں کہ اللہ کی حجتوں کا بحالت ظہور یا غیبت حجت قرار پانا کس طرح لازم آتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: کیا یہ لوگ قرآن میں تدبر اور سوچ بچار نہیں کرتے (سورہ محمد آیت ۲۴) اور ایک دن موسیٰؑ شہر میں ایسے وقت میں آئے کہ وہاں کے لوگ نیند کی غفلت میں پڑے ہوئے تھے۔ آپؑ نے دیکھا کہ دو آدمی آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ''ایک تو ان کے پیروؤں میں سے تھا اور دوسرا ان کے دشمنوں میں سے'' (سورہ قصص: ۱۲۹) پس اللہ نے ہمیں بتا دیا کہ موسیٰؑ کے کچھ پیرو اس سے پہلے بھی تھے کہ جب آپ نے نبوت کا اظہار کیا۔ دو آدمیوں کے لڑنے کا واقعہ تب کا ہے جب حضرت موسیٰؑ حضرت شعیبؑ کے پاس نہیں گئے تھے۔ آپؑ نے جبکہ اعلان نبوت کا دعویٰ اس وقت کیا۔ جب حضرت شعیبؑ کے پاس سے ہو کر مع اپنے اہل و عیال کے برسوں بعد واپس وطن آئے تھے۔ اسی طرح حضرت عبدالمطلبؑ، ابوطالبؑ، سلمان فارسیؓ، قیس بن ساعدہ ایادی، تبع الملک، بحیرہ راہب وغیرہ نے ہمارے نبی کو اعلان نبوت بلکہ ولادت سے قبل ہی اسم، نسب اور اوصاف سے پہچان لیا تھا۔ اسی کے مثل امام زمانہؑ کا معاملہ ہے کہ آپ کے مومن دوستوں اور اہل علم و معرفت نے آپ کے وقت اور زمانہ کو یاد رکھا اور آپ کی علامتوں کو پہچانا۔ یہ لوگ آپ پر کامل یقین رکھتے ہیں خواہ آپؑ غیبت میں ہوں یا ظاہر۔ امام جعفر صادقؑ نے قرآن مجید کی اس آیت ''ایک دن ایسا آئے گا جس میں تمہارے رب کی نشانیاں آئیں گی تو کسی نفس کو اس کا ایمان

فائدہ نہیں پہنچائے گا جو اس سے قبل ایمان نہ لے آیا ہو" کے بارے میں فرمایا کہ وہ نشانیاں (ہم) آئمہ ہیں اور جس آیت اور نشانی کا انتظار کیا جارہا ہے وہ آئمہ مہدی علیہ السلام ہیں۔ پس جب وہ قیام فرمائیں گے تو کسی نفس کا اس وقت ایمان لانا قبول نہیں ہوگا۔ جو آپ کی تلوار کے ساتھ قیام کرنے سے پہلے ایمان نہ لایا ہو۔ چاہے آپ سے پہلے آپ کے آبائے طاہرین علیہم السلام پر ایمان کیوں نہ رکھتا ہو۔ اکثر لوگ غیبت کے بارے میں غلطی کا شکار ہوئے۔ حضرت عمر نے حضورؐ کی وفات پر قسم کھا کر آپؐ کی غیبت کا اظہار کیا مگر حضرت ابوبکر نے انہیں سمجھایا اور سورہ زمر کی آیت :۳۰ سے استدلال کیا: "اے محمدؐ! تم بھی مرجاؤ گے اور وہ بھی مر جائیں گے"

## کیسانیہ فرقہ:

اس فرقے کے لوگ غیبت کے بارے میں گمراہ ہوگئے تھے اور انہوں نے محمد بن حنفیہ کی غیبت کا دعویٰ کر ڈالا۔ اس فرقہ کے شاعر سید محمد بن حمیری نے محمد بن حنفیہ کی غیبت کے بارے میں متعدد اشعار کہے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ صاحبان امر چار ہیں ۔ حضرت علیؑ اور ان کے تینوں فرزند حسنؑ ، حسینؑ ، محمدؒ ، وہی ہمارے لیے اوصیاء ہیں۔ ان میں سے ایک (حسنؑ) مجسمہ ایمان اور نیکی تھے۔ دوسرے حسینؑ جو کربلا میں شہید ہوئے۔ اور ایک سبط وہ (محمد بن حنفیہ) ہے جو موت کا ذائقہ نہیں چکھے گا۔ وہ غائب ہوگا اور ایک زمانے تک ہمیں دکھائی نہیں دے گا۔ وہ رضویٰ پر مقیم ہیں اور اگر وہ عمر نوحؑ کے برابر عرصہ بھی ہم میں سے غائب رہیں تو پھر بھی ہم ان کی واپسی سے مایوس نہیں ہوں گے۔ کیونکہ خولہ کے بیٹے نے موت کا مزا نہیں چکھا اور نہ ہی زمین نے ان کی ہڈیوں کو چھپایا ہے۔ سید موصوف غیبت کے بارے

اپنے ان عقائد سے اس وقت تائب ہوئے جب امام جعفر صادق ؑ سے ان کی ملاقات ہوئی اور ان میں امامت و وصایت کی نشانیوں کو پایا۔ امام نے انہیں محمد بن حنفیہ کی موت کی خبر دی اور اپنے والد بزرگوار (امام محمد باقر ؑ) کو ان کی تدفین کا گواہ بتایا۔ شاعر سید محمد بن حمیری (جنہیں امام جعفر صادق ہی نے سید کا خطاب دیا تھا) نے امامؑ کے سامنے اپنے عقیدہ سے توبہ کی اور اس توبہ پر مبنی ایک قصیدہ کہہ ڈالا جس کا آغاز کچھ یوں ہے: جب میں نے دیکھا کہ لوگ دین کے سلسلے میں گمراہ ہو رہے ہیں تو میں اللہ کے نام کے ساتھ جعفری بننے والوں کے ساتھ جعفری بن گیا۔

## ناووسی فرقہ:

ناووسی فرقہ بھی غیبت کے معاملے میں غلطی کا مرتکب ہوا۔ اگرچہ ایک حجت خدا پر غیبت کا واقع ہونا ان پر ثابت ہو چکا تھا لیکن مورد کے بارے میں جہالت اور نادانی کی بنا پر وہ امام جعفر صادق ؑ کے متعلق یہ اعتقاد رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس قول کو امام صادق ؑ کی وفات اور امام کاظمؑ کے امر امامت سنبھالنے کے ساتھ ہی باطل ثابت کر دیا۔

## واقفی فرقہ:

واقفی فرقے نے امام موسیٰ کاظم کے بارے میں غیبت کا دعویٰ کر دیا مگر اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی وفات اور آپؑ کے روضہء مبارک کے مقام کو ظاہر کر کے اور آپؑ کے بعد حضرت علی بن موسیٰ الرضا نے امر امامت سنبھالنے، امامت کی نشانیوں کو ظاہر کرنے نیز اپنے آبائے طاہرینؑ سے نص اور صحیح روایات کے ذریعے واقفیہ کے اس قول کو باطل ثابت کر دیا۔

واقفیہ فرقہ نے بعد ازاں امام حسن عسکریؑ کی غیبت کے بارے میں بھی دعویٰ کیا اور یہ اس لیے تھا کہ غیبت کا معاملہ ان کے نزدیک صحیح تھا۔ لیکن مورد کے بارے میں وہ نادانی کر گئے اور آپؑ ہی کو مہدی قائم ؑ سمجھتے رہے۔ پس جب آپؑ کی وفات ثابت ہوگئی تو آپ کے بارے میں بھی ان کا نظریہ باطل ہوگیا اور اس کتاب میں مذکور صحیح روایات سے ثابت ہوگیا کہ غیبت آپ کے فرزند کے ذریعے واقع ہوئی ہے نہ کہ آپؑ کے ذریعے۔

مروی ہے کہ اس امر (غیبت) کا مالک وہی ہے جس کی ولادت لوگوں پر مخفی اور پوشیدہ ہوگی اور وہ لوگوں کی نظروں سے غائب ہوں گے تاکہ جب وہ ظہور کریں تو ان کی گردن پر کسی کی بیعت نہ ہو اور یہ وہی ہیں جن کی وراثت تقسیم ہوگی جبکہ وہ خود زندہ ہوں گے......... پس جب غیبت کے واقع ہونے میں محمد بن حنفیہ امام جعفر صادق ؑ، امام موسیٰ کاظمؑ اور امام حسن عسکریؑ کے بارے میں کیا گیا دعویٰ غلط اور باطل ثابت ہوا۔ اور وہ اس طرح کہ ان کی وفات کا وقوع پایہ ثبوت کو پہنچا تو ثابت ہوا کہ یہ غیبت ان پر واقع ہوئی ہے جن کے بارے میں پیغمبرؐ اور گیارہ آئمہؑ نے نص اور صراحت کے ساتھ بتایا ہے۔ اور وہ حجت ابن الحسن بن علی بن محمد علیہم السلام ہیں۔ جن کے بارے میں اس کتاب (کمال الدین......) میں روایات سند کے ساتھ مخصوص ابواب میں مذکور ہیں۔ چنانچہ اگر کوئی سابقہ گیارہ اماموں کا قائل ہے تو اس پر واجب ہے کہ وہ ان نصوص کے سبب بارہویں امام کی امامت کا بھی قائل ہو جائے اور ان کی غیبت کا بھی۔ اور اگر کوئی ان گیارہ اماموں کا ماننے والا نہیں ہے تو ہمارے لیے ضروری نہیں ہے کہ ہم بارہویں امام کے بارے میں اس کو کوئی جواب دیں بلکہ اس کے اور ہمارے درمیان آپؑ کے گیارہ آباء (آئمہؑ) کی

امامت کو ثابت کرنے کے بارے میں بحث ہوگی۔ یہ ایسے ہی جیسے کوئی یہودی ہم سے پوچھے کہ ،ظہر، عصر اور عشاء کی نماز چار چار رکعت جبکہ فجر کی دو رکعت اور مغرب کی تین رکعت (فرض) کیوں ہے؟ تو اس کو جواب دینے کے بجائے ہم کہیں گے کہ تم اس نبی کی نبوت ہی کے منکر ہو جس نے یہ تعداد رکعات ہم کو بتائی ہے۔ پس پہلے تم اس کی نبوت کے بارے میں بات کرو۔ کیونکہ نبوت ثابت نہیں ہوگی تو یہ نمازیں بھی ثابت نہیں ہوں گی۔ اور نبوت ثابت ہوگئی تو تمہیں ان نمازوں کے اسی تعداد رکعات کے ساتھ فرض ہونے کا اقرار کرنا پڑے گا۔ خواہ تم پر اس بارے میں کسی علت کو جانو یا نہ جانو۔

## (پہلا) اعتراض:

غیبت تمہارے زمانے کے امام کے لیے کیوں واقع ہوئی ہے اور ان کے آباء کے لیے کیوں واقع نہ ہوئی حالانکہ ان کا زمانہ آج کے زمانے سے زیادہ ظلم و دہشت کا زمانہ تھا اور آج کے شیعوں کے حالات عہد بنی امیہ سے بہتر ہیں۔؟

## جواب اعتراض:

حجتوں کا ظہور اور پوشیدہ ہونا حکمت الٰہی کے مطابق ہے اور صاحبان تمیز ورائے یہ بھی جانتے ہیں کہ آج کے حالات بھی شیعہ قوم کے لیے پہلے زمانوں ہی جیسے ہیں بلکہ زیادہ شدید اور سخت ہیں۔ دوسرے یہ کہ ہر زمانے کے آئمہ اپنے ماننے والوں کو یہ بتاتے رہتے تھے کہ صاحب السیف بارہواں امام ہے اور دشمنوں تک بھی یہ خبر پہنچی ہوئی تھی کیونکہ لوگ اس بات کو نشر کرتے اور پھیلاتے رہے تھے۔ نیز مخالفین آئمہ اطہارؑ کے علم و فضل اور منزلت سے متاثر بھی تھے اور ان کو نقصان

پہنچانے میں عجلت سے باز رہتے تھے۔ اور ارشاد رب العزت ہے: اور یقیناً ان میں سے اکثر کی سرکشی اور عجلت میں اضافہ کرے گی وہ چیز جو تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل ہوچکی ہے۔ پس کافروں کی جماعت پر افسوس نہ کرنا (سورۂ مائدہ:٦٨)

یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ فرعون کا بنی اسرائیل کے بچوں کو قتل کرنا اس بنیاد پر تھا کہ ان کے پیرووں سے یہ بات ظاہر ہوگئی تھی اور پھیل گئی تھی کہ موسیٰ ان میں سے ہوں گے اسی طرح قبل ازیں حضرت ابراہیمؑ کی تلاش میں نمرود کا بچوں کو قتل کرانا بھی اسی بنیاد پر تھا کہ ان کے پیرووٗں میں ان کی پیدائش کی خبر پھیل گئی تھی کہ نمرود اور اس کے اہل مملکت اور دین (نمرودیت) انہی کے ہاتھوں نابود ہوں گے۔ چنانچہ حضرت امام حسن عسکری کی وفات اور اپنے فرزند اور اہل عیال کو چھوڑ جانے کے بعد تدبیر کا تقاضا یہی تھا کہ غیبت کی مدت طویل تر ہوجائے۔ اس طرح ایک بہت بڑے فتنے کا سدباب ہوگیا۔

## دوسرا اعتراض

اگر وقت کا امام اپنی امامت کا دعویٰ کرتا ہے تو ہم اس کی طرف جائیں گے اور ان سے دین کے راستوں کے بارے میں سوال کریں گے۔ اگر وہ ہمیں جواب دیں اور امامت کا دعویٰ بھی کریں تو ہم جان لیں گے کہ وہ امام ہیں اور اگر وہ امامت کا دعویٰ نہیں کرتے اور ہمارے سوالوں کا جواب بھی نہیں دیتے تو وہ اور دوسرے لوگ جو امام نہیں ہیں ایک برابر ہوں گے۔

## جواب اعتراض:

ہمارے زمانے کے سچے اور صادق امامؑ کے بارے میں ان سے پہلے

گزرنے والوں (آئمہ اور خود نبی اکرمؐ نے) اشارہ کیا ہے اور انہیں اس بات کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ اس بات کا خود دعویٰ کریں کہ وہ امام ہیں، مگر یہ کہ وہ اس بات کو یاددھانی اور تاکید کے لیے کہیں۔ لیکن اس طرح دعویٰ کریں کہ اس کے بعد انہیں دلیل لانے کی ضرورت پڑے تو ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ ان سے قبل کے صدق گو آئمہ نے ان پر نص کی ہے اوران کے امر کو روشن اور واضح کر دیا ہے اورانہیں دعویٰ کرنے کی ضرورت سے بے نیاز کر دیا ہے۔ اس کی ایک اور دلیل یہ بھی ہے کہ جب رسول اکرمؐ غار میں چھپے ہوئے تھے تو لوگ اگر انہیں دین کے بارے میں پوچھنا چاہتے تو کیا وہ ان سے ملاقات کر سکتے تھے اور کیا وہ ان تک پہنچ جاتے یا نہیں؟؟۔ اگر لوگوں کا پہنچنا ممکن تھا تو حضورؐ کا غار میں روپوش ہونا غلط اور باطل ثابت ہوگا اور اگر لوگ وہاں تک نہیں پہنچ سکتے تو تمہاری بیان کردہ وجہ اور دلیل کی بنا پر ان کا ہونا اور نہ ہونا اس دنیا کے لیے برابر ہے۔ نبی اکرمؐ غار میں پوشیدہ رہے لیکن ان کی نبوت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ اس طرح امام کے بارے میں بھی ہے کہ وہ امام ہیں اگرچہ اپنی امامت کو ان لوگوں سے چھپا رہے ہیں جن سے انہیں اپنی زندگی اور نفس کے متعلق خوف لاحق ہے۔ چنانچہ اگر وہ یہ کہیں کہ میں امام نہیں ہوں اور اپنے دشمنوں کو ان کے سوالوں کا جواب نہ دیں تو ان کی امامت (تب بھی) زائل نہیں ہوتی کیونکہ وہ اپنے نفس کے بارے میں خوفزدہ ہیں۔ اسی خوف کے سبب بعض صحابہ نے اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھا۔ ان سے جب پوچھا جاتا تھا کہ کیا تم مسلمان ہو تو وہ کہتے کہ نہیں۔ تو یہ بات ان کو دائرہ اسلام سے خارج ہرگز نہیں کرتی تھی۔

اگر کوئی اعتراض کرے کہ عام مسلمان اور امام میں فرق ہے کیونکہ عام مسلمان کو تعلیم دینے اور حدود نافذ کرنے کے لیے قرار نہیں دیا گیا۔ تو اس کا جواب

یہ ہے کہ امام زمانہؑ اپنے آباء کے ذریعے منصوب کئے گئے ہیں بطور صادق امام ان کی منزلت اور مقام بتائے جاچکے ہیں۔ وہ صرف اپنے قتل کے خوف سے اپنے دشمنوں کے سامنے اس بات کا اقرار نہیں کریں گے، نہ کہ تمام مخلوق کے سامنے۔ یہاں اعتراض کیاجاسکتا ہے کہ کیا نبی بھی امام کی طرح اپنی نبوت کا انکار (دشمنوں کے خوف کے سبب) کرسکتے ہیں؟ تو اہل حق میں سے ایک گروہ نبیؐ اور امامؑ کے درمیان کچھ فرق کا قائل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ نبیؐ اپنی رسالت کی طرف دعوت دینے والے اور اسے بذات خود لوگوں کے سامنے واضح کرنے والے ہیں۔ پس اگر وہ اپنی نبوت کا انکار کریں اور تقیہ کریں تو حجت باطل ہو جائے گی اور ان کی طرف سے بیان کرنے والا کوئی اور نہیں ہوگا جبکہ امام کے لیے نبی نے (اعلان امامت اور وضاحت امامت کی) حجت پوری کر دی ہے۔ لیکن ہمارا جواب یہ نہیں ہے بلکہ ہم کہتے ہیں کہ جب نبی حکم الٰہی ظاہر کرچکے ہیں اور معجزات دکھا چکے ہیں۔ اور رسالت پہنچا چکے ہیں تو ان کا حکم باطناً ایسا ہی ہے جیسا کہ امام کا حکم۔ لیکن ان باتوں سے پہلے ایسا جائز نہیں ہے۔ جیسا کہ صلح حدیبیہ میں نبی اکرمؐ نے صحیفۂ صلح سے اپنا نام مٹا دیا تھا کہ جب سہل بن عمرو اور حفص بن الاحنف نے آپ کی نبوت کا انکار کر دیا۔ اور علی کو حکم دیا کہ اسے مٹاؤ۔ گویا حضور کی مصالحت پر یہ بات اثر انداز نہیں ہوئی کیونکہ اس سے قبل محکم دلائل ثابت ہو چکے تھے۔ اسی طرح اللہ رب العزت نے جناب عمار کے عذر کو قبول کیا جب مشرکین سے قتل ہو جانے کے خوف سے انہیں رسول اکرمؐ پر سب وشتم کرنا پڑی۔ جب آپ واپس لوٹے تو حضور نے فرمایا: اے عمار! تم کامیاب اور رستگار ہوچکے ہو؟ عرض کیا میں رستگار نہیں ہوا کیونکہ میں نے آپ پر سب کی ہے۔ حضور نے فرمایا: کیا اس وقت تمہارا دل ایمان پر مطمئن نہیں

کا ہونا ضروری ہے جس کے ذریعے حجت خدا ثابت ہو جائے۔ اوران دونوں فرزندوں کے علاوہ امام علی نقیؑ کا کوئی وارث نہیں ہے جو حجت ہونے کی اہلیت رکھتا ہو۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ کس بنا پر حجت لازم قرار پاتی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ان روایات سے ثابت ہے جو حجت کو لازم قرار دیتی ہیں۔ اوران کی تعداد اور کیفیت ایسی ہے کہ ان کے راویوں پر جھوٹ پر جمع ہو جانے کا الزام اور تہمت رفع ہوجاتے ہیں۔ چنانچہ امام علی نقیؑ کے بیٹے جعفر کے بارے میں روایات بہت کم ہیں اور ہیں بھی مصنوعہ اور مشکوک انہوں نے یہ روایات خود گھڑی ہیں اور ایک دوسرے سے مل کر یا خط و کتابت سے ایسا کیا جبکہ امام حسن عسکریؑ کے بارے میں روایات کثیر ہیں اور ان کے راوی مختلف علاقوں کے رہنے والے اور مختلف آراء اور نظریات کے حامل ہیں۔ چنانچہ ان کا جھوٹ پر متفق ہونا بعید از قیاس ہے۔ امام حسن عسکریؑ کے حجت ہونے کے بارے میں یہاں ایک روایت درج کی جاتی ہے۔

امام جعفر صادق سے منقول ہے:

آپ نے فرمایا: جب تین نام محمدؑ، علیؑ اور حسنؑ ایک دوسرے کے بعد آجائیں تو چوتھا قائم ہوگا۔" حالانکہ جعفر کے بارے میں روایات میں بیزاری کا اظہار کیا گیا ہے جبکہ ایک امام دوسرے امام سے قطعاً بیزاری کا اظہار نہیں کرتا۔ جعفر فارس بن حاتم لعنۃ اللہ علیہ سے موالات رکھتا تھا۔ جس سے اس کے باپ نے بیزاری اور برات کی تھی۔ اور جعفر نے امام حسن عسکریؑ کی والدہ ماجدہ سے برأت حاصل کرنے میں اس ملعون کی مدد حاصل کی تھی حالانکہ ہم شیعوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ ماں کی موجودگی میں بھائی کو حق ارث نہیں ہے۔ پھر جعفر کا یہ بھی دعویٰ تھا کہ میں اپنے بھائی محمد کے بعد امام ہوں درحالیکہ وہ اپنے پدر بزرگوار سے پہلے وفات پا گئے تھے۔

تو کس طرح ایسے شخص کی امامت ثابت ہوسکتی ہے۔ کیا محمد اپنے والد ماجد کی موجودگی میں کسی کو اپنا جانشین بنا سکتے تھے؟ اگر وہ خود حجت ہوتے تو خدانخواستہ ان کے والد ماجد کیا تھے۔؟

یہاں یہ بھی اعتراض کیا جاسکتا ہے کہ تم نے کثیر گروہ کو قلیل گروہ پر ترجیح دی تو کیا سلمانؓ، ابوذرؓ، عمارؓ اور مقدادؓ کے قلیل گروہ کی گواہی جو انہوں نے امیر المومنینؑ کے بارے میں دی، دوسرے کے بارے میں گواہی دینے والے کثیر گروہ کی گواہی کے مقابلے میں باطل تھی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ امیر المومنین اور آپؑ کے اصحاب اپنے مخالف کے مقابلہ میں کچھ امور کے ساتھ مختص تھے اور خصوصیات کے حامل تھے۔ اگر تم ایسی ہی خصوصیات کو اپنے لیے ثابت کرو تو ہم تمہیں حق پر مانتے ہیں۔ سب سے پہلی خصوصیت تو یہ ہے کہ خود آپ کے دشمن آپؑ کی پاکیزگی، برتری اور علم کے معترف تھے۔ دوسری خصوصیت یہ کہ حضورؐ نے امیر المومنین علیؑ کی دوستی کو اللہ تعالیٰ کی دوستی اور ان کی دشمنی کو اللہ تعالیٰ سے دشمنی قرار دیا ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ اصحاب امیر المومنینؑ کے بارے میں دشمن بھی کہتے ہیں کہ وہ کبھی جھوٹ نہیں بولتے تھے۔ اور حضرت ابوذر کے بارے میں حدیث ہے کہ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر کوئی ایسا صاحب زبان نہیں ہے جو ابوذرؓ سے زیادہ سچا ہو۔" اسی طرح کئی اور خصوصیات ہیں۔

اس کے بعد بعض امامیہ کے ابوجعفر بن قبہ کے نام خط اور چند مسائل کے متعلق ان سے سوال خصوصاً معتزلہ کے امام حسنؑ کی وفات کے بعد کسی کی امامت پر نص قائم نہ ہونے کا تذکرہ ہے۔ لیکن معتزلہ کے پاس اپنے دعویٰ کی کوئی دلیل نہیں

ہے۔( یہ بحث اثبات غیبت کے بارے میں زیادہ اہمیت کی حامل نہیں ہے۔ لہٰذا ہم آگے بڑھتے ہیں)

ابن بشار کے اعتراض کے جوابات کے سلسلے میں بحث در بحث آگے بڑھتے ہوئے معتزلہ کے اعتراضات کے ابوجعفر بن قبہ کی طرف سے دیئے گئے جوابات کے کچھ اہم نکات یہ ہیں۔

☆ جب قائم ؑ ظہور فرمائیں گے تو یہ کیسے معلوم ہوگا کہ یہ وہی محمد بن الحسن بن علی علیہم السلام ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ عمل ان کے دوستوں کے بیان کرنے سے ممکن ہوگا۔ جن کے بیان کرنے سے حجت واجب ہوجاتی ہے ۔جس طرح آپ کی امامت انہی لوگوں کے بیان کرنے کی بنا پر ہم پر ثابت ہوچکی ہے۔

☆ اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ امام مہدیؑ کوئی ایسا معجزہ ظاہر کر دیں جو اس بات پر دلالت کرے کہ آپ ہی مہدیؑ ہیں۔ یہ جواب مخالفین کو پیش کیا جاتا ہے اور اس پر ہم اعتماد کرتے ہیں اگرچہ پہلا جواب بھی درست ہے۔

☆ معتزلہ کا قول ہے کہ شوریٰ کے دن حضرت علیؑ نے اپنے مخالفین کے سامنے معجزہ دکھا کر دلیل کیوں قائم نہیں کی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ انبیاء اور خدا کی حجتیں دلائل اور براہین میں سے صرف اسی کو ظاہر کرتے ہیں جو اللہ کے حکم کے مطابق ہو اور جسے اللہ اپنے بندوں کے لیے مفید اور مصلحت آمیز قرار دے۔ پس اگر نبی کریمؐ کے ارشاد اور نص سے ان کے بارے میں دلیل اور حجت قائم ہو جائے تو اس صورت میں وہ معجزات دکھانے سے بے

ضروری ہے کہ کتاب کے ساتھ عترت میں سے ایک ایسا فرد ہو جو تنزیل اور تاویل کے بارے میں علم یقین رکھتا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کی مراد سے لوگوں کو باخبر کرتا ہو۔ جیسا کہ رسول خدا کرتے ہیں۔ چنانچہ عترت و اہل بیتؑ میں سے اس فرد کا اسی طرح صاحب معرفت ہونا ضروری ہے جس طرح رسول خدا تھے نہ کہ وہ استنباط اور استخراج سے تاویل کتاب کرے اور نہ ہی استدلال اور مروجہ اصول گفتگو سے۔ اس سلسلے میں رسول خدا کے وصف میں ارشاد ربانی ہے۔

"اور کہہ دیجئے یہ میرا راستہ ہے اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں پوری بصیرت کے ساتھ میں اور جو میری پیروی کرنے والے ہیں"

(سورہ یوسف: ۱۰۸)

مزید برآں ارشاد ربانی ہے:

"بے شک اللہ نے آدمؑ و نوحؑ اور آل ابراہیم اور آل عمران کو عالمین پر منتخب کیا ہے بعض کی اولاد کو جو بعض سے ہو"

(سورہ آل عمران آیت ۳۳)

پس اس آیت میں عمومیت کے ساتھ لازم قرار پاتا ہے کہ آل ابراہیم میں سے آپ تک اور ہمیشہ کے لیے ایک منتخب اور برگزیدہ کا ہونا ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ آل ابراہیمؑ سے بعض اولاد بعض پر برگزیدہ ہو۔ حضرات محمدؐ و علیؑ و حسنؑ و حسینؑ آل ابراہیمؑ میں سے برگزیدہ تھے۔ اس آیت کی بنا پر حسین علیہ السلام کے بعد ان کی ذریت میں سے برگزیدہ ہستی کا ہونا ضروری ہے اور اگر ان کی ذریت میں سے نہ ہو تو ذریہ بعضھا من بعض صادق نہیں آئے گا۔ اور امامت امام حسنؑ سے ان کے بھائی حسینؑ کی طرف منتقل ہو گئی ہے۔ پس اسی بنا پر انہی کی ذریت اور صلب میں سے ان کے جانشین کا ہونا ضروری ہے۔

کیں اور بھوک کا شکار رہے۔ پس اب دعا کریں کہ اللہ ہم پر آسمان سے بارش برسائے ۔ انہوں نے کہا: نہیں! میں اس وقت تک دعا نہیں کروں گا جب تک تمہارا جابر حکمران اور سارے بستی والے پا برہنہ چلتے ہوئے میرے پاس آ کر اس بات کا سوال نہ کریں جابر حکمران تک آپ کی یہ بات پہنچی تو اس نے چالیس آدمیوں کو بھیجا کہ وہ ادریس کو اس کے سامنے حاضر کریں ۔ جب وہ ادریسؑ کے پاس پہنچے تو ان سے کہنے لگے : ہمارے حکمران نے ہمیں آپ کے پاس بھیجا ہے تا کہ ہم آپ کو اس کے سامنے حاضر کر دیں ۔ادریسؑ نے ان پر نفرین اور بد دعا کی تو وہ سب مر گئے ۔ یہ بات حکمران کے کانوں تک پہنچی تو اب اس نے پانچ سو آدمی اس غرض سے بھیجے کہ وہ ادریسؑ سے آ کر کہنے لگے : اے ادریسؑ! ہمیں بادشاہ نے آپ کے پاس اس لیے بھیجا ہے کہ ہم آپ کو لے جا کر اس کے سامنے حاضر کریں۔ ادریسؑ نے ان سے کہا: پہلے اپنے ساتھیوں کا انجام دیکھ لو کہ یہ کس طرح موت کے گرداب میں چلے گئے ہیں ۔ انہوں نے عرض کیا : اے ادریسؑ بیس سال کی مدت تک آپ نے ہمیں بھوک کے ذریعے مارا۔ اب آپ یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے لیے بد دعا کریں اور ہمیں مار ڈالیں۔ کیا آپ کو رحم نہیں آتا ؟انہوں نے کہا : میں تمہارے اس جابر حکمران کے پاس نہیں جاؤں گا اور نہ ہی خدا سے بارش کا سوال کروں گا۔ جب تک تمہارا جابر حکمران اور بستی کے سارے لوگ پا برہنہ میرے پاس نہیں آ جاتے ۔ وہ لوگ جابر حکمران کے پاس گئے اور اسے ادریسؑ کی باتیں بتائیں ۔ اور اس سے مطالبہ کرنے لگے کہ وہ ان کے ساتھ ادریسؑ کی طرف پا برہنہ چلے ۔ آخر کار وہ راضی ہوا اور ادریسؑ کی طرف آ گیا اور وہ سب ان کے سامنے کھڑے ہو گئے ۔اس حالت میں کہ سب کی گردنیں جھکی ہوئی تھیں اور ان سے یہ سوال

کو بودیں ۔ اس دفعہ پھر ایک تہائی ان میں سے مرتد ہوگئے ۔ اور صرف ایک تہائی تعداد باقی رہ گئی اور اس باقی ماندہ ایک تہائی نے وہ کھجوریں کھائیں اور ان کی گٹھلیوں کو زمین میں بو دیا۔ اور جب وہ درخت بن کر پھل دینے لگے تو وہ کھجوریں لے کر حضرت نوح علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے پھر عرض کیا: ہم میں سے سوا چند لوگوں کے کوئی دین پر باقی نہیں رہا اور ہم لوگ بھی اپنے نفسوں کے بارے میں گمراہی سے خوف کھاتے ہیں ۔ اگر ہماری غم کشائی میں تاخیر ہوگئی تو ہم ہلاک ہو جائیں گے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے نماز پڑھی اور عرض کیا: پروردگار میرے ساتھیوں میں سے سوا اس گروہ کے اور کوئی باقی نہیں رہا اور اگر فرج، فراخی اور کشادگی میں تاخیر ہوگئی تو ان کی ہلاکت اور گمراہی کے بارے میں خوف محسوس کر رہا ہے ۔ پس اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ میں نے تمہاری دعا قبول کر لی ہے تم کشتی بناؤ ۔ یوں آپؑ کی دعا کی قبولیت اور طوفان کی آمد کے درمیان میں پچاس سال کی مدت گزری ۔

# غیبت حضرت ابراہیم علیہ السلام

حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی غیبت تو امام مہدی علیہ السلام کی غیبت سے کامل مشابہت رکھتی ہے بلکہ اس سے بھی تعجب خیز ہے۔ کیونکہ اللہ رب العزت نے جناب ابراہیمؑ کے آثار وجود کو اس وقت بھی مخفی رکھا جب آپ بطن مادر میں تھے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے آپ کو شکم مادر سے پشت مادر کی طرف منتقل کردیا۔ پھر آپ کی ولادت کے معاملے کو معینہ وقت کے پورے ہونے تک چھپائے رکھا۔

مجھ سے بیان کیا میرے والد اور محمد بن حسن نے، انہوں نے فرمایا کہ ہم سے بیان کیا سعد بن عبداللہ نے، انہوں نے بیان کیا یعقوب بن یزید سے' انہوں نے محمد بن ابی عمیر سے، انہوں نے ہشام بن سالم سے، انہوں نے ابو بصیر سے انہوں نے امام جعفر صادقؑ سے کہ آپؑ نے فرمایا حضرت ابراہیمؑ کے والد نمرود بن کنان کے دربار کے نجومی تھے اور نمرود کوئی حکم اور فرمان ان کی رائے اور مشورے کے بغیر صادر نہیں کرتا تھا۔ ایک رات وہ ستاروں کی طرف دیکھ رہے تھے جب صبح ہوئی تو انہوں نے نمرود سے کہا: میں نے گزشتہ رات عجیب چیز دیکھی ہے۔ نمرود نے پوچھا وہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: میں نے دیکھا ہے کہ ایک بچہ ہماری سرزمین میں

رہو گے ۔ انہوں نے کہا لے جاؤ ۔ پس وہ آپ کو ایک غار میں لے کر آئیں ۔ بچے دودھ پلایا اور غار کے دروازے پر ایک بہت بڑا پتھر رکھ کر اور وہاں سے چل دیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی غذا کا ذریعہ آپ کے انگوٹھے کو بنا دیا ۔ پس آپ اپنے انگوٹھے کو چوستے تھے تو کو اس سے دودھ مل جاتا تھا۔ صورت حال یہ تھی کہ آپ عام بچے ایک ہفتہ میں جتنے بڑے ہوتے آپ ایک دن میں اتنے بڑے ہو جاتے تھے ۔ پس آپ کچھ عرصہ اس غار میں رہے ۔ پھر ایک دن آپؑ کی والدہ نے آپؑ کے والد سے کہا کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں اس بچے کو دیکھنے کے لئے لے جاؤں ۔ اجازت لے کر وہ غار میں آئیں ۔ تو غیر متوقع طور پر دیکھا کہ ابراہیمؑ ابھی زندہ ہیں اور آپ کی آنکھیں چراغوں کی طرح چمک رہی ہیں ۔ ماں نے آپ کو گود میں لیا اور سینے سے لگایا ۔ دودھ پلایا اور وہاں سے چلی گئیں ۔ پس ان کے والد نے بچے کے بارے میں سوال کیا تو (تقیہ) جواب دیا کہ میں نے اسے سپرد خاک کر دیا ہے۔ کچھ عرصہ بعد ان کا معمول بن گیا کہ وہ کوئی نہ کوئی بہانہ بنا کر گھر سے نکل جاتیں اور ابراہیمؑ کے پاس جا کر انہیں گود میں لے لیتیں ۔ پیار کرتیں' دودھ پلاتیں اور پھر واپس چلی آتیں ۔ جب وہ اس قابل ہوگئے کہ چلنے پھرنے لگے تو انہی دنوں میں ایک مرتبہ ان کے والدہ حسب معمول ان کے پاس آئیں اور اپنا کام کرنے بعد جب جانے لگیں تو آپ نے ان کا دامن پکڑ لیا ۔ ماں نے پوچھا: بیٹا کیا بات ہے؟ آپ نے کہا: مجھے اپنے ساتھ لے جایئے ۔ ماں نے کہا ٹھہر جایئے کہ میں آپ کے والد سے اس کی اجازت لے لوں۔

پس حضرت ابراہیمؑ نے اپنی ذات کو پردۂ غیب میں رکھا اور اپنے امور کو پوشیدہ رکھا ۔ یہاں تک کہ ظاہر ہوئے تو اللہ تعالیٰ کے امر کو عیاں کر دیا اور اللہ تعالیٰ

سال تھا۔

خلاصہ یہ کہ اسی طرح حضرت موسیٰ کے اوصیاءؑ کی غیبت کا تذکرہ بھی نہایت تفصیل سے کیا گیا ہے ۔ پھر حضرت عیسیٰؑ کی رسول معظمؐ کے بارے میں بشارت اور حضرت سلمان فارسی کا حضورؐ کے ظہور سے باخبر ہونا مذکور ہے ۔ یہ سب تفصیلی روایات غیبت مہدیؑ کے اثبات کے طور پر درج کی گئی ہیں ۔جنہیں طوالت کے خطرے کے تحت شامل انتخاب نہیں کیا گیا۔

مزید برآں کمال الدین و تمام النعمہ میں حکیم و شاعر قس بن ساعدۃ الایادی، تبع بادشاہ ، حضرت عبدالمطلبؑ اور حضرت ابوطالبؑ ، سیف بن ذی یزن عارف نبوت ، بحیری راہب ، ابو المویہب راہب ، سطیح کاہن ، یوسف یہودی ، ابن حواش المقبل ، زید بن عمر بن نفیل وغیرہ کے بارے میں روایات درج ہیں۔ جن کا مقصد و مدعا اہل معرفت شاعروں ، دانشوروں ، بادشاہوں ، راہبوں اور کاہنوں وغیرہ کے حوالے سے غیبت کا تذکرہ ہے۔ مؤلف نے ان تمام روایات غیبت کو غیبت امام مہدیؑ کے اثبات کے ضمن میں پیش کیا ہے۔ انتخاب کی صورت میں ان تمام روایات کا ذکر ناممکن بھی ہے اور غیر اہم بھی۔ کیونکہ ہمارے لیے معصومینؑ کی روایات ہی کافی و وافی ہیں ۔(مظہر عباس)

# غیبت مہدیؑ کا غیبت ذوالقرنین سے استدلال

☆ ابو بصیر روایت کرتے ہیں کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ذوالقرنین نبی نہیں تھے بلکہ اللہ کے نیک بندے تھے۔ وہ خدا کو دوست رکھتے تھے اور خدا بھی ان کو دوست رکھتا تھا۔ وہ خدا سے مخلص تھے اور خدا بھی ان کا خیر خواہ تھا۔ انہوں نے اپنی قوم کو اللہ کی طرف بلایا تو لوگوں نے ان کے سر کے ایک جانب ضرب لگائی۔ پس وہ ایک عرصے تک غائب رہے۔ پھر ان کے پاس آئے تو انہوں نے ان کے سر کی دوسری جانب ضرب لگائی۔ تم میں (امام مہدیؑ) انہی کی سنت (یعنی غیبت) پر ہوں گے۔

☆ سماک بن حارث بیان کرتے ہیں کہ بنو اسد کے ایک شخص نے حضرت علیؑ سے سوال کیا: ذوالقرنین کیسے اس قابل ہوئے کہ مشرق ومغرب تک پہنچے؟ آپ نے فرمایا: خدا نے ان کے لیے ابر کو مسخر کیا تھا اور اسباب کو ان کے لیے نزدیک کیا تھا اور نور کو ان کے لیے کشادہ کیا تھا کہ وہ رات کے وقت بھی اسی طرح دیکھتے تھے جس طرح دن کے وقت دیکھتے تھے۔

☆ اصبغ بن نباتہ سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ منبر نشین تھے کہ ابن الکوا کھڑا ہوا اور کہنے لگا: اے امیر المومنین! یہ فرمایئے کہ

# صحیفہء فاطمہؑ

## (چہاردہ معصومینؑ اورامہاتِ معصومینؑ کے اسماء گرامی)

مجھ (شیخ صدوق) سے محمد بن ابراہیم بن اسحٰق طالقانی نے ان سے حسن بن اسماعیل نے' ان سے ابوعمرو نے سعید بن محمد بن قطان نے' ان سے عبداللہ بن محمد سلمٰی نے' ان سے محمد بن عبدالرحمان نے' ان سے محمد بن سعید بن محمد نے' ان سے عباس بن ابوعمرو نے' ان سے صدقہ بن ابوموسیٰ نے' ان سے ابونذرا نے بیان کیا کہ جب امام محمد باقرعلیہ السلام کا وقت رحلت قریب آیا تو آپ نے اپنے صاحبزادے امام جعفرصادقؑ کوطلب فرمایا اوران سے عہد (امامت) لیا۔ امام محمد باقر کے بھائی زید بن علی بن حسین نے امام سے فرمایا: اے بھائی آپ کیوں نہیں (اس امت کو) حسنؑ وحسینؑ کی طرح انجام دیتے یعنی جس طرح امام حسنؑ کی طرح امام حسینؑ امام ہوئے اسی طرح میں آپ کے بعد امام بنایا گیا ہوں) آپ نے فرمایا: اے ابوالحسن امامت کسی مثال کی پیروی میں انجام نہیں دی جاسکتی اورعہد امامت رسم کے طور پر ایک دوسرے کونہیں دیا جاتا بلکہ یہ تواللہ تعالیٰ کی حجتوں میں سے طے شدہ امور ہیں۔ پھر آپ نے جابر بن عبداللہ کو بلایااور فرمایا: اے جابر وہ حدیث بیان کرو جوتم نے صحیفہ (فاطمہ) میں دیکھی ہے۔ جابر نے کہا: ہاں اے ابو

# لوح فاطمہؑ میں ذکر مہدیؑ

رسول معظمؐ نے حضرت فاطمہؑ زہرا کو ایک لوح (تختی) دی تھی۔ سیدہ نے یہ تختی جناب جابر بن عبداللہ انصاری کو دکھائی انہوں نے اسے پڑھا اور بعد میں ابوجعفر محمد بن علی امام باقرؑ کے تنہائی میں اس لوح کے بارے میں پوچھنے پر اس کے متعلق بتایا۔ امام جعفر صادقؑ روایت کرتے ہیں کہ جابر نے کہا: میں اللہ کی گواہی دے کر کہتا ہوں کہ میں رسول خداؐ کی زندگی میں آپ کی جدہ جناب زہرا سلام اللہ علیہم کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ جناب امام حسینؑ کی ولادت کی مبارک باد دے سکوں۔ میں نے بی بی کے ہاتھوں میں ایک سبز لوح دیکھی مجھے گمان ہوا کہ یہ زمرد کی ہے۔ اس کی کتابت ایسی نورانی تھی جیسے سورج کا نور ساطع ہو۔ میں نے عرض کیا اے بنت رسول! آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں، یہ کیسی لوح ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ لوح اللہ نے اپنے رسول کو بھیجی ہے۔ اس میں میرے والد کا نام علیؑ کا نام، میرے دونوں بیٹوں کے نام اور ان کے بعد کے اوصیاء کے نام ہیں۔ یہ میرے والد نے مجھے عطا فرمائی تاکہ اس طرح میں خوش ہو جاؤں۔

خلاصہ روایت یہ ہے کہ جابر نے اسے پڑھا اور نقل کرلیا۔ امام محمد باقر جابر کے ساتھ اس کے گھر اس لوح کو دیکھنے گئے آپؑ نے فرمایا: جابر تم اس پر نظر رکھو

جب خضر علیہ السلام نے سفینہ میں سوراخ کیا۔ دیوار کو درست کیا اور ایک بچے کو قتل کیا تو یہ تمام باتیں موسیٰ بن عمرانؑ کو ناگوار گزریں، کیونکہ وہ ان کاموں کی حکمت سے واقف نہ تھے۔ جب کہ وہ کام اللہ تعالیٰ کی حکمت کے تقاضوں کے عین مطابق تھے۔ (آپؑ نے فرمایا) کیا تمہیں معلوم ہے کہ ہم اہل بیتؑ میں سے ہر ایک کی گردن میں اپنے زمانے کے طاغوت کے ساتھ مصلحت کا طوق ہوگا۔سوا ہمارے قائم کے جو روح اللہ عیسیٰ بن مریمؑ کو نماز پڑھائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی ولادت کو مخفی رکھے گا اور اس پر غیبت کا پردہ ڈال دے گا۔تاکہ جب خروج کرے تو اس کی گردن پر کسی کی بیعت (کا قلادہ) نہ ہو۔ وہ میرے بھائی حسینؑ، جناب سیدہؑ کے فرزند کی اولاد میں سے نواں امام ہوگا۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

# غیبت مہدیؑ کے بارے میں امام زین العابدینؑ کے فرمودات

(۱) حضرت امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں کہ ہمارے قائم کے لئے انبیاءؑ کی سنتوں میں سے حضرت آدمؑ کی سنت، حضرت نوحؑ کی سنت، حضرت ابراہیمؑ کی سنت، حضرت موسیٰ کی سنت، حضرت عیسیٰؑ کی سنت، حضرت ایوبؑ کی سنت اور حضرت محمد مصطفیٰؐ کی سنت ہے۔

آدم ونوح علیہم السلام کی سنت طویل عمر، حضرت ابراہیمؑ کی سنت ولادت کا مخفی اور پوشیدہ ہونا اور خدا کے دین کی حمایت میں لوگوں سے الگ تھلگ رہنا، حضرت موسیٰؑ کی سنت خوف اور غیبت، حضرت عیسیٰؑ کی سنت کہ لوگوں نے ان کے بارے میں اختلاف کیا۔ حضرت ایوبؑ کی سنت کہ بلاؤں اور مصیبتوں کے بعد کشادگی نصیب ہوگی۔ اور حضرت محمد مصطفیٰ کی سنت خروج بالسیف ہے۔

(۲) حضرت امام زین العابدینؑ سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا۔ ہمارے قائم کی ولادت لوگوں سے مخفی رہے گی یہاں تک کہ لوگ کہیں گے کہ (حضرت امام حسنؑ عسکری کی) کوئی اولاد ہی نہ تھی۔ جو خروج کرے اور

# ولادت امام مہدیؑ کے بارے میں چند روایات

(۱) جناب حکیمہ خاتون بیان کرتی ہیں کہ ایک دن مجھے حضرت امام حسن عسکریؑ نے بلوایا اور ارشاد فرمایا کہ اے پھوپھی! آج میرے پاس افطار کریں۔ یہ نصف شعبان کی رات ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رات کو زمین پر اپنی حجت کو ظاہر کرنے والا ہے۔ میں نے دریافت کیا: یہ ولادت کس سے ہوگی؟ آپؑ نے فرمایا: نرجس خاتون سے۔ یہ سن کر میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان نرجس خاتون میں تو حمل کے کوئی آثار نہیں ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: جو کہا گیا ہے وہی ہوگا۔ میں اٹھ کر جناب نرجس خاتون کے پاس آئی۔ انہوں نے مجھے سلام کیا اور کہا: اے میری اور میرے اہل کی سردار! آپ کیسی ہیں؟ میں نے کہا: میں نہیں بلکہ آپ میری اور میرے اہل کی سردار ہیں تو انہوں نے مجھے ایسا کہنے سے منع کر دیا اور کہا: اے پھوپھی! آپ یہ کیا کہہ رہی ہیں؟ میں نے کہا: اے بیٹی آج شب آپ کو اللہ تعالیٰ ایک بچہ عطا کرے گا جو دنیا اور آخرت میں سردار ہوگا یہ سن کر وہ شرما گئیں۔

نماز مغربین اور رات کے کھانے سے فارغ ہو کر میں نے نرجس خاتون کے پاس ہی آرام کیا، آدھی رات کو اٹھی۔ نرجس خاتون سو رہی تھیں۔ میں نے نماز شب پڑھی

ان کوسلام کرے۔ آپؑ نے بچے کو میرے حوالے کیا۔ میں بچے کو اس کی ماں کے پاس لے آئی۔ بچے نے اپنی ماں کو سلام کیا۔ پھر میں بچہ لے کر حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کے پاس رکھ دیا۔ آپؑ نے فرمایا: اے پھوپھی! ساتواں روز ہو تو ہمارے پاس آنا۔ اسی صبح میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کو سلام کرنے حاضر ہوئی۔ میں نے کپڑا اٹھایا تو بچے کو نہ پایا۔ میں نے عرض کیا کہ میں آپ کے قربان بچہ کیا ہوا۔؟ آپؑ نے فرمایا: اے پھوپھی ہم نے اس کو اس کے سپرد کر دیا ہے جس کے سپرد مادر موسٰیؑ نے موسٰی کو کیا تھا۔

حکیمہ خاتون کہتی ہیں کہ جب ساتواں روز ہوا تو میں امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپ کو سلام کیا اور بیٹھ گئی۔ آپؑ نے فرمایا: میرے پاس میرے فرزند کو لے آؤ۔ میں جناب قائمؑ کو آپؑ کے پاس لے آئی وہ کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے۔ آپؑ نے امام قائمؑ کے ساتھ پہلے کی طرح برتاؤ کیا اور اپنی زبان چسائی گویا انہیں دودھ یا شہد چٹا رہے تھے۔ پھر کہا: اے فرزند! بولو۔ پس امام قائمؑ نے شہادتین پڑھیں اور اپنے آبائے کرام پر یکے بعد دیگرے درود پڑھا یہاں تک کہ اپنے والد پر درود پڑھا اور پھر یہ آیت تلاوت کی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض ونجعلهم آئمة ونجعلهم الوارثین ٥ ومىمكن لهم فی الارض ونجعلهم آئمة ونجعلهم لوارثین ٥ و نمكن لهم فی الارض ونری فرعون وهامن وجنودهما منهم ما كانویخذرون (قصص : ٦.٥)

"اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ احسان کریں ان لوگوں پر جو کمزور ہوئے پڑے تھے ملک میں اور ان کو سردار کر دیں اور ان کو قائم مقام

# توقیعات امام مہدیؑ

## (فرمودات واحکامات)

☆ ملعون ہے ملعون ہے وہ شخص جس نے لوگوں کے درمیان میرا (اصل) نام لیا۔

☆ اللہ صاحب تدبیر ہے اور تم عجلت پسند۔

☆ اللہ مومنین کے اعمال کو قبول فرمائے انہیں نیکی کی مزید توفیق عطا کرے۔

☆ میں حکم دیتا ہوں کہ میرے امور کو مکمل کرو۔

☆ فقاع (جو کی شراب) کا پینا حرام ہے اور شلماب کے پینے میں کوئی حرج نہیں۔ اللہ تم کو ہدایت دے اور دین پر قائم رکھے۔ ان لوگوں کے امر سے بچائے جو ہمارے اہل بیتؑ اور ہمارے ابن عم میں سے میرے منکر ہیں۔

☆ میرے چچا جعفر اور اس کی اولاد کی مثال برادران یوسفؑ جیسی ہے۔

☆ تمہارے اموال (خمس) ہم اس وقت قبول کرتے ہیں جب وہ پاک ہوں۔

☆ ظہور سے متعلق علم صرف اللہ کو ہے، جو اپنے دلوں سے گھڑتے ہیں وہ جھوٹے ہیں۔

☆ جو لوگ کہتے ہیں کہ امام حسینؑ قتل نہیں کیے گئے وہ کفر کرتے ہیں۔ وہ جھوٹے اور گمراہ ہیں۔

سے افضل ہے جو امام قائمؑ کے ظہور کے بعد بے خوف عبادت کریں گے۔ کیونکہ باطل حکومتوں میں حالت خوف میں عبادت اور حکومت حق میں رہتے ہوئے حالت امن میں عبادت کرنا برابر نہیں ہوسکتا۔ آج کے دور میں اگر تم میں سے کوئی شخص اپنے دشمنوں سے پوشیدہ طور پر تنہا ایک واجب نماز اس کے وقت میں ادا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے پچیس نماز فریضہ کا ثواب لکھ دے گا۔ اور جو اس کے وقت میں نماز نافلہ ادا کرے گا تو اس کے لئے دس نماز نافلہ کا ثواب لکھا جائے گا۔ تم میں سے جو شخص ایک نیکی بجالائے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے بیس نیکیوں کا ثواب لکھے گا اور جو شخص قربتہً الی اللہ اپنے دین اپنے امام اور اپنے نفس کے تحفظ کے لئے تقیہ پر عمل پیرا ہوگا اور اپنی زبان بند رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے حسنات اور نیکیوں میں کئی گنا اضافہ کردے گا کیونکہ اللہ عزت وجلال والا اور بڑا کریم ہے۔

میں نے عرض کیا مولا میں آپؑ پر قربان جاؤں آپؑ نے تو میرے جذبہ عمل میں اضافہ فرمادیا مگر یہ تو فرمایئے کہ اس زمانے میں ہم لوگوں کا عمل امام قائم کے ظہور کے بعد ان کے ساتھ رہنے والے کے عمل سے کیسے افضل قرار پاسکتا ہے؟ جب کہ ہمارا اور ان کا دین تو ایک ہی ہے اور وہ اللہ ہی کا بھیجا ہوا دین ہے؟۔

آپ نے فرمایا: تم لوگوں کو ان پر سبقت حاصل ہے۔ تم لوگ ان سے پہلے خدا کے دین میں داخل ہوئے' نماز' روزہ' حج کے فرائض بجالائے' مسائل فقہ پر عمل کیا' کارخیر انجام دیئے۔ دشمنوں کے خوف سے پوشیدہ عبادت کی۔ اپنے امام کے دامن سے وابستہ رہے۔ ان کی اطاعت کرتے رہے ان کے ساتھ صبر کیا۔ ان کے ساتھ حکومت حق کے منتظر رہے۔ تمہیں حکمرانوں سے اپنے امام کے اور اپنے متعلق ہمیشہ خطرہ رہا۔ تم دیکھتے

رہے کہ تمہارے امام کا حق اور تمہارا حق ظالموں کے ہاتھوں میں ہے۔ تمہیں تمہارا حق نہیں دیا گیا اور مجبور کیا گیا کہ تم لوگ اپنے دین پر صبر کے ساتھ قائم رہتے ہوئے اللہ کی عبادت اور اطاعت کرتے رہو۔ اپنے دشمنوں سے ڈرتے ہوئے کسب معاش میں لگے رہو، اس طرح اللہ نے تمہارے اعمال میں اضافہ کیا بس یہ فضیلت تمہیں مبارک ہو۔

میں نے عرض کیا: مولا میں آپؑ پر قربان، پھر ہم لوگ یہ تمنا کیوں کرتے ہیں کہ کاش امام قائم کے ظہور کے وقت ہم ان کے ساتھ ہوں جب کہ آج آپؑ کی امامت میں ہمارا عمل ان لوگوں کے عمل سے افضل ہے جو امام قائم کے ساتھ ہوں گے۔ آپؑ نے فرمایا: سبحان اللہ! کیا تم یہ نہیں چاہتے ہو کہ اللہ دنیا میں حق و عدل کو ظاہر کرے۔ لوگ خوشحال ہوں سب لوگ ایک دین پر ہوں اور آپس میں محبت و یگانگت ہو۔ روئے زمین پر اللہ کی نافرمانی نہ ہو۔ دنیا میں نظام الٰہی کا نفاذ ہو۔ ہر شخص کو اس کا حق ملے اور حق کے ظاہر کرنے میں کوئی خوف مانع نہ ہو۔ اے عمار! خدا کی قسم جس حال میں تم لوگ اس وقت زندگی گزار رہے ہو اگر اس حال میں تم میں سے کوئی مر جائے تو اس کی موت اللہ کے نزدیک جنگ بدر اور جنگ احد کے بہت سے شہیدوں سے افضل ہوگی۔

# امام مہدیؑ کا اصل نام لینے کی ممانعت

(۱) حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ صاحب امر کوان کے نام سے نہیں پکارے گا مگر صرف کافر۔

(۲) ریان بن صلت نے کہا کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے امام قائم کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا نہ انہیں دیکھا جائے گا اور نہ ان کا نام لیا جائے گا۔

(۳) جابر بن یزید جعفیؒ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقرؑ کو کہتے ہوئے سنا کہ وہ فرمارہے تھے: عمر نے امیر المومنین امام علی ابن ابی طالبؑ سے حضرت مہدیؑ کے متعلق دریافت کیا اور کہا اے ابن ابی طالبؑ! مجھے یہ بتائیں کہ مہدی کا نام کیا ہوگا؟ آپؑ نے فرمایا کہ میرے حبیب و خلیل (رسول اللہ ؐ) نے مجھ سے عہد لیا ہے کہ میں اس کا نام کسی کو نہیں بتاؤں گا یہاں تک کہ وہ ظہور کرے اور یہ وہ چیزیں ہیں جو اللہ نے اپنے رسول کے علم میں دیں۔

(۴) ابو ہاشم جعفری نے کہا کہ میں نے حضرت امام علی نقی علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرا جانشین میرا بیٹا حسنؑ ہوگا۔ تم اس کے فرزند کے ساتھ کیا سلوک کروگے؟ کہا: خدا مجھے آپؑ پر فدا کرے آپ نے ایسا کیوں فرمایا؟

# علاماتِ ظہورِ امام مہدیؑ

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ظہور امام قائمؑ سے پہلے پانچ علامتیں ظاہر ہوں گی۔ یمانی اور سفیانی کا خروج' ندائے آسمانی' زمین بیداء کا دھنس جانا اور نفس ذکیہ کا قتل۔

(۲) محمد بن مسلم امام جعفر صادقؑ سے روایت کرتے ہیں کہ ظہور قائمؑ سے پہلے اللہ مومنین کے لئے نشانیاں مقرر کرے گا۔ میں نے عرض کیا میں آپؑ پر قربان جاؤں وہ نشانیاں کیا ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: یہ وہ نشانیاں ہیں جو قرآن میں آئی ہیں۔

"وَلَنَبْلُوَ نَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَ مْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنِ"

"اور تمہیں یعنی مومنین کو قائم کے خروج سے قبل آزمائیں گے۔ سے قبل تھوڑے سے ڈر سے' اور بھوک سے اور جان و مال کے نقصان سے اور خوشخبری دے ان صبر کرنے والوں کو"

(سورہ بقرآیت ۱۵۵)

پھر فرمایا مومنین کو بنو فلاں کے آخری حکمران کے خوف سے آزمایا جائے گا۔

(الجوع سے مراد یہ کہ مہنگائی کے بڑھ جانے سے بھوک اور افلاس کے ذریعے نَقْصٍ مِّنَ

السلام قول خدا۔

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ

(سورۃ نساء آت ۵۹)

''اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو رسول کی اطاعت کرو اور صاحبان امر کی اطاعت کرو''

کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اس سے مراد قیامت تک علی اور فاطمہؑ کی اولاد میں ہونے والے ائمہ ہیں۔

(۹) مجھ سے میرے والد اور محمد بن حسنؒ نے ان سے عبداللہ بن جعفر حمیری نے ان سے احمد بن اسحاق نے بیان کیا کہ میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو امام نے فرمایا اے احمد کیا تم بھی ان معاملات میں شکوک و شبہات رکھتے ہو جن معاملات میں دوسرے لوگ شکوک رکھتے ہیں؟۔ میں نے کہا مولا! جوامور قرآن میں بیان ہو گئے ان میں کسی کے لئے شک کی گنجائش نہیں۔آپ نے فرمایا: ''الحمد للہ'' اے احمد کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ زمین کو حجت سے خالی نہیں رکھتا اور وہ حجت میں ہوں۔ یا فرمایا: میں حجت ہوں۔

(۱۰) مجھ سے محمد بن حسن نے ان سے عبداللہ بن جعفر حمیری نے ان سے احمد بن اسحاق نے بیان کیا ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: جس طرح امر امامت میں میرے بارے میں شک کیا گیا میرے آباء علیہم السلام کے بارے میں نہیں کیا گیا۔ پس اگر یہ امر امامت اس طرح ہے جس طرح تمہارا اعتقاد ہے تو پھر تو شک کا مقام ہے۔اور اگر یہ امور

پروردگار سے متصل ہے تو پھر شک کا کوئی مقام نہیں۔

(۱۱) مجھ سے میرے والد اور محمد بن حسن نے بیان کیا' ان سے سعد بن عبداللہ اور عبداللہ بن جعفر نے' ان سے محمد بن حسین بن ابی خطاب نے ان سے علی بن اسباط نے ان سے عبداللہ بن بکیر نے ان سے عمرو بن الاشعث نے بیان کیا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تم لوگ گمان کرتے ہو کہ امامت کا اختیار ہم کو ہے کہ ہم جس کو چاہیں یہ عہدہ عطا کریں بلکہ خدا کی قسم امامت جناب رسول خدا کا ایک عہد ہے مخصوص ایک ایک کی طرف آخری امام تک۔

(۱۲) مجھ سے محمد بن حسن بن احمد بن ولید نے' ان سے محمد بن حسن صفار اور سعد بن عبداللہ اور عبداللہ بن جعفر حمیری نے' ان سے ابراہیم بن مہزیار نے' ان سے علی بن حدید نے ان سے علی بن نعمان اور احسن بن علی وشاء نے' ان سے حسن بن ابوحمزہ ثمالی نے ان سے ان کے والد نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ زمین کبھی ایسے شخص سے خالی نہیں ہوتی جو حق کو جانتا ہو تا کہ جب لوگ دین میں زیادتی کریں تو وہ بتائے کہ یہ زیادتی ہے اور جب کمی کریں تو وہ بتائے کہ یہ کمی ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتو حق و باطل میں فرق مشکل ہو جائے۔ عبدالحمید بن عواض طائی کہتا ہے کہ اللہ کی قسم کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے یہ حدیث ابوجعفر علیہ السلام سے سنی ہے۔ اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے یہ حدیث ان سے سنی ہے۔

(۱۳) مجھ سے میرے والد نے ان سے سعد بن عبداللہ اور عبداللہ بن جعفر حمیری

بیٹوں کو منتخب کیا۔ پس تم جنتی عورتوں کی سردار۔ تمہارے بیٹے حسن و حسین جوانان جنت کے سردار اور تمہارے شوہر کے بیٹے قیامت تک میرے وصی ہیں ۔ یہ سب ہادی اور مہدی ہیں ۔ ان میں میرے بعد پہلا میرا بھائی علیؑ پھر حسنؑ پھر حسینؑ کی نسل سے نو آئمہ یہ سب جنت میں میرے درجہ میں ہوں گے اور میرے اور میرے باپ ابراہیم علیہ السلام سے نزدیک ترین اللہ کے نزدیک کوئی درجہ نہیں ۔ اے میری بیٹی کیا تم کو معلوم ہے کہ تمہارا شوہر اُمت میں بہترین ہے ۔ اور میرے اہل بیت میں سب سے بہتر ہے۔ اس کا اسلام سب سے قدیم ہے ۔ اس کا حلم سب سے زیادہ ہے۔ اس کا علم سب سے بڑھا ہوا ہے ۔ یہ سن کر جناب فاطمہ (سلام اللہ علیہا) خوش ہو گئیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے میرے لخت جگر تمہارے شوہر کے لئے مناقب ہیں ۔ اس نے اللہ اور اس کے رسول پر سب سے پہلے اظہار ایمان کیا اور میری امت میں کسی کو بھی اس سلسلے میں سبقت حاصل نہیں ہے اور اسے کتاب اللہ اور میری سنت کا علم ہے اور میری امت میں علیؑ کے علاوہ کوئی ایسا نہیں جو میرے تمام علم کا عالم ہو۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے علم عطا کیا اور میرے غیر کو نہیں اور اپنے ملائکہ اور اپنے رسولوں کو علم عطا کیا تو جو کچھ علم اپنے ملائکہ اور رسولوں کو عطا کیا میں ان سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ پھر اللہ نے مجھے حکم دیا کہ میں یہ علم اس (علیؑ) کو منتقل کر دوں اور میں نے ایسا ہی کیا۔ پس میری امت میں اس کے علاوہ کوئی ایسا نہیں ہے جس میں میرا علم میری حکمت اور میرا فہم جمع ہو اور یقیناً میری بیٹی تو اس کی زوجہ ہے اور اس کے بیٹے حسنؑ و

حسینؑ میری امت کے سبطین ہیں اورتمہارا شوہرامر بالمعروف اورنہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرتا ہے ۔ اور اللہ نے اس کو حکمت اور فصل الخطاب عطا کیا۔ اے لخت جگر! ہم اہل بیتؑ کو اللہ نے چھ ایسی خصوصیات عطا کی ہیں جو نہ پہلے کسی کو عطا کی ہیں اور نہ بعد میں کسی کو عطا ہوں گی ہم اہل بیت کا نبی انبیاء ومرسلین (علیہم السلام) کا سردا ہے اور وہ تمہارا باپ ہے ۔ اور ہمارا وصی سید الاوصیاء ہے اور وہ تمہارا شوہر ہے ۔ ہمارا شہید سید الشہداء ہے اور وہ حمزہ بن عبدالمطلب تمہارے باپ کا چچا ہے ۔ جناب فاطمہ (سلام اللہ علیہا) فرماتی ہیں ۔یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کیا وہ صرف ان شہداء کے سردار ہیں جوان کے ساتھ جنگ میں قتل ہوئے ؟ آپ نے فرمایا نہیں۔ بلکہ اولین و آخرین میں سوا انبیاء و اوصیاء کے سب شہیدوں کے سردار ہیں ۔اور جعفر بن ابو طالب جن کو اللہ نے دو پر عطا کئے ہیں وہ ملائکہ کے ساتھ جنت میں محوپرواز ہیں اور تمہارے بیٹے حسنؑ و حسینؑ میری امت کے سبطین اور جوانان جنت کے سردار ہیں ۔اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ہم میں سے مہدیؑ ہوگا جو زمین کو عدل و انصاف سے اس طرح بھردے گا جس طرح وہ ظلم و جور سے بھر چکی ہوگی ۔ جناب فاطمہ (سلام اللہ علیہا) نے دریافت کیا کہ ان افراد میں کون سب سے افضل ہے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) نے فرمایا: میرے بعد علیؑ اس امت میں افضل ہے ؟ ہم اہل بیت کے لئے اللہ نے دنیا کے مقابلے میں آخرت کو اختیار کیا ہے ۔ پھر رسول اللہ (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) نے جناب فاطمہ (سلام اللہ علیہا) ان کے شوہر اوران کے بیٹوں کی طرف

نظر کی اور کہا: اے سلمانؓ! میں اللہ کو گواہ قرار دیتا ہوں کہ ان کی صلح میری صلح ان کی جنگ میری جنگ یہ میرے ساتھ جنت میں ہوں گے۔ پھر علی (علیہ السلام) کو اپنے قریب بلایا اور ارشاد فرمایا! اے میرے بھائی تمہیں میرے بعد قریش کے شدید مصائب و مظالم کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پس اگر تم اپنے مددگار پاؤ تو ان سے جنگ کرنا' جو تمہاری موافقت کرتے ہیں ان کی مدد سے اپنے دشمنوں سے جنگ کرنا ورنہ صبر اختیار کرنا اور اپنے ہاتھوں کو جنگ سے روکے رکھنا اور اپنے کو ہلاکت میں نہ ڈالنا۔ تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰؑ سے تھی۔ جن کو ان کی قوم نے کمزور کردیا اوران کے قتل کے درپے ہوگئی۔ پس تم بھی قریش کے مظالم پر صبر کرنا کہ تمہاری مثال ہارون (علیہ السلام) کی سی ہے۔ اور جو (تم پر) ظلم کریں گے ان کی مثال گوسالہ پرستوں کی سی ہے۔ اے علیؑ اللہ نے اس امت کے لئے اختلاف وتفرقہ لکھ دیا ہے (امت کی اپنی حرکتوں کی وجہ سے) اگر اللہ چاہتا تو سارے لوگوں کو ہدایت پر جمع کردیتا یہاں تک کہ دو افراد میں بھی اختلاف نہ ہوتا اور نہ ہی کوئی شے متنازعہ ہوتی اور نہ ہی مفضول فاضل کا انکار کرتا۔ اور اگر اللہ چاہتا تو اپنے انتقام میں جلدی کرتا اور حالات میں تبدیلی لاتا یہاں تک کہ ظالم کا جھوٹ واضح ہو جاتا اور لوگ مقام حق کو جان جاتے۔ لیکن اللہ نے دنیا کو دار الاعمال اور آخرت کو دار الاجر قرار دیا ہے تا کہ اچھوں کو اچھے اور بروں کو برے عمل کا بدلہ ملے۔ پھر علی علیہ السلام نے فرمایا اللہ کی حد اس کی نعمتوں پر شکر اور بلاؤں پر صبر ہے۔

# شیخ صدوقؒ اور تعمیلِ ارشادِ امام مہدیؑ

شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں: ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ کی سرزمین پر موجود ہوں اور خانہء خدا کا طواف کرنے میں مصروف ہوں۔ ساتویں چکر میں جب حجر اسود کے قریب پہنچا تو میں نے اس کا بوسہ لیا۔ میں ان دعاؤں کو پڑھ رہا تھا جو حجر اسود کا بوسہ لیتے وقت پڑھی جاتی ہیں۔ اسی اثنا میں مَیں نے اپنے مولا و آقا امام مہدیؑ (عج) کو دیکھا کہ وہ خانہ کعبہ کے دروازے پر موجود ہیں۔ میں پریشانی کے عالم میں حضرتؑ کے نزدیک گیا، حضرت نے اپنی عارفانہ نگاہ سے مجھے دیکھا اور میرے دل کی کیفیت جان گئے۔ میں نے حضرتؑ کو سلام کیا تو حضرتؑ نے سلام کے جواب میں فرمایا: تم میری غیبت کے بارے میں کوئی کتاب کیوں نہیں تحریر کرتے؟ تاکہ تمہارے دل کا غم دور ہو جائے۔ میں نے عرض کیا: یا بن رسول اللہ میں نے اس بارے میں کتاب تو تحریر کی ہے۔ حضرت نے جواب دیا کہ میرا مقصد یہ نہیں، اس طرح کی کتاب لکھو جس میں گزشتہ پیغمبروںؑ کی غیبتوں کا تذکرہ ہو۔ جب حضرت کی بات یہاں تک پہنچی تو آپ میری نظروں سے غائب ہو گئے۔ میں خواب سے بیدار ہوا اور طلوع فجر تک گریہ و زاری اور مناجات میں مصروف رہا۔ جب صبح ہو گئی تو میں نے اس کتاب کا آغاز کر دیا۔ (کمال الدین۔۔)

